مبادیاتِ عروض

www.KitaboSunnat.com

ڈاکٹر صاحب علی

پبلشرز

سیفی بک ایجنسی

۱۱ امین بلڈنگ ابراہیم رحمت اللہ روڈ
ممبئی ۴۰۰۰۰۳

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

محدث لائبریری

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے
کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی
کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے
درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

Mubadiyat-e-Arooz by Dr. Saheb Ali
Rs. 52/-

© Saifee Book Agency
11, Amin Bldg. E. R. Road, Bombay 400 003
Ph : 376 3690

اشاعت	:	February — 1996
تعداد	:	۶۰۰
کتابت	:	سید حسام الدین ندوی
مطبع	:	سیفی آرٹ ممبئی ۳
قیمت	:	۵۲ روپے

ملنے کا پتہ : سیفی بک ایجنسی ۔ بمبئی

ناشر ۔ سیفی بک ایجنسی ۔ ۱۱، امین بلڈنگ، ابراہیم رحمت اللہ روڈ
بمبئی ۴۰۰۰۰۳

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ابّا اور امّاں

کے

نام

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ترتیب

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
۱	حرف آغاز	۴
۲	عروض کی مبادیات	۷
۳	ہندی پنگل کی مبادیات	۱۷
۴	قواعد تقطیع	۵۹
۵	اوزان بحور مستعمل مع امثلہ	۱۰۴
۶	کتابیات	۱۹۴

★

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حرفِ آغاز

پروفیسر گیان چند جین نے ایک جگہ لکھا ہے :

"اردو عروض ہمارے مزاج اور کانوں میں اس طرح رچ بس گیا ہے کہ ہمارے شعرا بغیر عروض جانے شعر موزوں کر لیتے ہیں۔ ہمارے قاری اور سامع اور موسیقار عروض علم کے بغیر انہیں موزوں پڑھتے اور گاتے ہیں۔"

غالباً یہی وجہ ہے کہ زمانہ حال میں عروض کی طرف سے اہلِ علم کی توجہ اس قدر کم ہو گئی ہے کہ بیشتر حضرات علمِ عروض کی تحصیل کو یا تو بیکار سمجھتے ہیں یا اسے تضیعِ اوقات تصور کرتے ہیں۔ لیکن ہر ایک شاعر تو مولانا روم کے اس شعر کا مصداق نہیں ہو سکتا ؎

من ندانم فاعلاتن فاعلات
شعر می گویم بہ از آبِ حیات

نیز انصاری کے اس قول سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ "ہر کامیاب شاعر کے لئے ضروری ہے کہ وہ نہ صرف علمِ عروض و قوافی سے واقفیت تامہ رکھتا ہو بلکہ ان تمام لوازمِ سخن پر بھی حاوی ہو جن کا شعر کے حسن میں بہت بڑا دخل ہے۔ اور اس کے لئے ضروری ہے کہ شاعر ٹھوس علمی قابلیت اور زبان و محاورہ پر عبور رکھتا ہو، اعلیٰ تخیل اور بلند نظر کا مالک ہو۔ ورنہ جس شخص میں یہ خوبیاں نہ ہوں گی اس کا کلام سوز و گداز

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور اثر و تاثیر سے عاری ہوگا اور شاعری کا اصل مدعا فوت ہو جائے گا۔

(عزمی انصاری : امیر العروض ص۔ د، ر)

راقم الحروف کا خیال ہے کہ ہر ایک شاعر اور نقادِ فنِ شعر کے لئے بنیادی طور پر علم عروض سے تھوڑی بہت واقفیت رکھنا نہایت ضروری ہے لہٰذا زیرِ نظر کتاب میں علم عروض کو آسان اور عام فہم طریقے سے ذہن نشین کرانے کی کوشش کی گئی ہے۔ مجھے امید ہے کہ علم عروض کے شائقین مبتدیوں، طلبہ اور طالبات کی رہنمائی میں یہ کتاب بڑی حد تک ممد و معاون ثابت ہو سکتی ہے۔

اس کتاب کا پہلا حصہ علم عروض کی مبادیات پر مشتمل ہے جس میں عروض کے اصطلاحی الفاظ کی تشریح کے ساتھ ساتھ بحروں کے نام اوزان کی تعداد نیز مفرد اور مرکب زحافات، علل اور احکام کو زیرِ بحث لایا گیا ہے۔

دوسرے حصے میں اردو شاعری میں مستعمل ہندی چھندوں کے اوزان کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ہندی پنگل کی مبادیات ماترا، ورن، چھند، چرن، ماترائی گن، ورنک گن اور ماترائیں شمار کرنے کے اصول بیان کئے گئے ہیں۔

تیسرا حصہ قواعدِ تقطیع پر مشتمل ہے۔ اس میں تقطیع حقیقی اور غیر حقیقی کے فرق کو واضح کیا گیا ہے۔ اردو اشعار کی تقطیع کرنے میں حروف مکتوبہ غیر ملفوظ اور حروف ملفوظ غیر مکتوبہ کا تفصیل کے ساتھ مع مثالوں کے جائزہ لیا گیا ہے۔

چوتھے حصے میں اردو شاعری میں استعمال ہونے والی مفرد اور مرکب بحروں کے سالم اور مزاحف اوزان کو مثالوں کے ذریعے پیش کیا گیا ہے۔ تقطیع کرنے سے قبل ہر بحر کے سالم ارکان کے مزاحف ارکان اوزان کی فروع کے نام بھی دئے گئے ہیں تاکہ بحر کے مزاحف وزن نام متعین کرنے میں آسانی ہو اور یہ بھی معلوم ہو جائے کہ کسی بحر کے اشعار کی تقطیع کرنے میں وہی مزاحف ارکان استعمال ہو سکتے ہیں جو اس بحر کے ساتھ مخصوص ہیں۔

اہلِ علم اور ماہرینِ عروض سے درخواست ہے کہ مؤلف سے اس کتاب میں اگر کہیں فروگذاشت سرزد ہوئی ہے تو مہربانی فرما کر مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ اشاعت میں اس کی تصحیح کی جا سکے۔

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

میں اپنے ان جملہ دوست اور احباب کا ممنون ہوں جنھوں نے مجھے اپنے مفید مشوروں سے نوازا ہے۔ میں اس کتاب کی تیاری میں ان تمام اہلِ علم وادب اور شعراء کا شکریہ ادا کرنا اپنا فرض سمجھتا ہوں جن کی تالیفات وتصنیفات اور شعری تخلیقات سے استفادہ کیا ہے۔

شکر گزار ہوں جناب یوسف شرف علی گول والا مالک سیفی بک ایجنسی بمبئی کا جنھوں نے اس کتاب کی اشاعت کے لئے میری حوصلہ افزائی کی ورنہ اس کاوش کا منظرِ عام پر آنا مشکل تھا۔ اس خوشگوار موقع پر پرنسپل قربان حسین سعید کا شکریہ ادا کرنا ناسپاسی ہوگی لہٰذا ان کا بھی ممنون ہوں۔

صادق غجل
یکم اکتوبر ۱۹۹۵ء

شعبۂ اردو
برہانی کالج آف کامرس اینڈ آرٹس
نسبت روڈ، مجگاؤں
ممبئی ۴۰۰۰۱۰

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عروض کی مبادیات

عروض

اصطلاح میں عروض اس علم کا نام ہے جس سے کلام موزوں اور غیر موزوں میں فرق کیا جائے۔ اس علم کے بغیر نظم و نثر میں تمیز نہیں کی جا سکتی۔

سید غلام حسین قدر بلگرامی لکھتے ہیں:

• عَروض بفتح اول وہ علم ہے جس سے احاطۂ اوزان اور تناسب و تخالف باہمی اور تصرفات پسندیدہ و ناپسندیدہ دریافت ہوتے ہیں اور نظم و نثر کا وہ فرق جس میں اہل ذوق عاجز ہیں اس طرح کی ہے۔ آلۃٌ قانونیۃٌ تعصمُ مراعاتُھا الانسانَ اَن یَّضِلَّ فِی وَزنِ الشِّعرِ۔ یعنی عروض ایک قاعدۂ کلیہ ہے کہ اس کی رعایت انسان کو وزن شعر میں گمراہی سے بچاتی ہے۔"

(قواعد العروض۔ ص ۱۶)

اس فن کا موجد بصرے کا ایک مشہور عالم خلیل بن احمد البصری بن فراہید بن مالک۔ تمیم بن عبداللہ بن مالک بن مضر بن ازدی ہے۔ اس کی تاریخ پیدائش میں اختلاف ہے

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اصطلاح میں جز کہتے ہیں جز کی جمع اجزاء ہے۔ یہ اجزاء تین ہیں:

(۱) سَبَب (۲) وَتَد (۳) فاصلہ اس کو اصول سہ گانہ بھی کہتے ہیں۔

۱۔ سَبَب جس کلمے میں دو حروف ہوں اس کو سبب کہتے ہیں اور اس کی دو قسمیں ہیں :-

(ا) سَبَبِ خَفِیف وہ دو حرفی کلمہ ہے جس کا پہلا حرف متحرک اور دوسرا ساکن ہو جیسے اَب۔ غم۔ دِل وغیرہ

(ب) سَبَبِ ثَقِیل اس دو حرفی کلمے کو کہتے ہیں جس کے دونوں حروف متحرک ہوں۔ اردو میں سبب ثقیل صرف اضافت کی وجہ سے ہی ہوتا ہے ورنہ نہیں۔ جیسے دلِ نادان میں دلِ یا غمِ جاناں میں غمِ وغیرہ۔ سبب ثقیل غیر مرکب نہیں ہو سکتا۔

۲۔ وَتَد جس کلمے میں تین حروف ہوں اس کو وتد کہتے ہیں۔ اس کی بھی دو قسمیں ہوتی ہیں۔

(ا) وَتَدِ مجموع وہ تین حرفی کلمہ جس کے پہلے دو حروف متحرک ہوں اور تیسرا ساکن جیسے غَضَب۔ عَجَب۔ صَبَا۔

وتد مجموع کو وتد مقرون بھی کہتے ہیں۔

(ب) وَتَدِ مفروق وہ تین حرفی کلمہ جس کا پہلا حرف متحرک دوسرا ساکن اور تیسرا متحرک ہو۔ سبب ثقیل کی طرح اردو میں وتد مفروق بھی نہیں پایا جاتا۔ اس کو بھی اضافت ہی سے حاصل کرتے ہیں۔ جیسے فصلِ گل میں فصلِ یا ضربِ کلیم میں ضربِ یا ضبطِ غم میں ضبطِ وغیرہ۔

۳۔ فاصلہ چار حرفی اور پانچ حرفی کلمے کو فاصلہ کہتے ہیں اس کی دو قسمیں ہیں :

(ا) فاصلہ صغریٰ۔ اس چار حرفی کلمے کو کہتے ہیں جس کے پہلے تین حروف

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

متحرک ہوں اور چوتھا ساکن جیسے غَزَلی، غَزَبا، طَلَبہ وغیرہ اس کو فاصلۂ صولت بھی کہتے ہیں۔

(ب) فاصلۂ کبریٰ۔ اس پانچ حرفی کلمے کو کہتے ہیں جس کے پہلے چار حروف متحرک ہوں اور پانچواں ساکن۔ اس کو فاصلۂ ضبطے بھی کہتے ہیں۔ یہ اردو میں غیر مرکب نہیں پایا جاتا جیسے تَنِ شَمَن، سُخَنِ دِل۔

فاصلۂ کبریٰ عربی سے مخصوص ہے جیسے ضَرَبَتی۔

ارکانِ عروضی

رُکن کم سے کم دو اجزائے اولیٰ اور زیادہ سے زیادہ تین کے مرکب ہونے سے جو لفظ بنتا ہے اس کو رکن کہتے ہیں۔ رکن کی جمع ارکان ہے جو اجزائے ثانیہ بھی کہلاتے ہیں۔ یہ دو قسم کے ہوتے ہیں۔

۱۔ **خُماسی** پانچ حرفی ارکان خماسی کہلاتے ہیں۔

۲۔ **سُباعی** سات حرفی ارکان سباعی کہلاتے ہیں ان کی تین قسمیں ہیں۔

(ا) مجموعی۔ وہ سات حرفی ارکان جو تین تین اجزا سے وتد مجموع کے ساتھ مرکب ہوتے ہیں سباعی مجموعی کہلاتے ہیں۔

(ب) مفروقی۔ وہ سات حرفی ارکان جو وتد مفروق کے ساتھ تین تین اجزا سے مرکب ہوتے ہیں سباعی مفروق کہلاتے ہیں۔

(ج) فاصلہ دار۔ وہ سات حرفی ارکان جو وتد مجموع اور فاصلۂ صغریٰ سے مرکب ہیں سباعی فاصلہ دار کہلاتے ہیں۔

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قسم	نمبر شمار	رکن	ترکیب سبب
خماسی (پانچ حرفی)	۱	فعولن	وتد مجموع + سبب خفیف
	۲	فاعلن	سبب خفیف + وتد مجموع
سباعی (سات حرفی) مجموعی	۳	مفاعیلن	وتد مجموع + سبب خفیف + سبب خفیف
	۴	مستفعلن	سبب خفیف + سبب خفیف + وتد مجموع
	۵	فاعلاتن	سبب خفیف + وتد مجموع + سبب خفیف
سباعی (سات حرفی) مفروق	۶	فاع لاتن	وتد مفروق + سبب خفیف + سبب خفیف
	۷	مفعولات	سبب خفیف + سبب خفیف + وتد مفروق
	۸	مس تفع لن	سبب خفیف + وتد مفروق + سبب خفیف
سباعی (سات حرفی) فاصلہ دار	۹	مفاعلتن	وتد مجموع + فاصلۂ صغریٰ
	۱۰	متفاعلن	فاصلۂ صغریٰ + وتد مجموع

ان ارکان عشرہ کو امثال، افعال، افاعیل، تفاعیل، مفاعیل، اجزاء، موازین اور اوزان عروضی بھی کہتے ہیں۔

بحر اور بیت

بحر ایک ہی قسم کے رکن کی تکرار سے یا چند اقسام کے ارکان کے باہم ملا دینے

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

[illegible]

مصرع | [illegible] اور [illegible]

کا نام مصرع ہے۔ جیسے

نقش فریادی ہے کس کی شوخیِ تحریر کا

فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

بیت | مصرع کا اکہرا [illegible] بیت [illegible] ایک بیت میں دو ہم وزن مصرعے

ہوتے ہیں۔ بیت کو شعر بھی کہتے ہیں۔ جیسے

نقش فریادی ہے کس کی شوخیِ تحریر کا / فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

کاغذی ہے پیرہن ہر پیکرِ تصویر کا / " " " "

(غالب)

اجزائے بیت

بیت دو برابر حصوں پر منقسم ہوتی ہے۔ اس کے ہر حصے کو مصرع یا مصراع کہتے ہیں۔ پہلے مصرع کو مصرعِ اول یا مصراعِ اول یا مصرعِ اولیٰ اور دوسرے مصرعے کو مصرعِ آخری یا مصرعِ ثانی کہتے ہیں۔

مصرعِ اول کے پہلے رکن کو صدر اور آخری رکن کو عروض کہتے ہیں۔ دوسرے مصرعے کے پہلے رکن کو ابتدا اور آخری رکن کو ضرب کہتے ہیں۔ دونوں مصرعوں کے درمیانی حصوں کے اجزا یا ارکان حشو کہلاتے ہیں۔ جیسے

مصرعِ اول			مصرعِ ثانی		
صدر	حشو	عروض	ابتدا	حشو	ضرب

	مصرعِ اولیٰ	مصرعِ ثانی
مثال	میں بھی منہ میں زبان رکھتا ہوں	کاش پوچھو کہ مدعا کیا ہے

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فاعلاتن	مفاعلن	فعلن
میں بھی منہ میں	زباں رکھ	تا ہوں
صدر	حشو	عروض

مصرعِ اولیٰ

فاعلاتن	مفاعلن	فعلن
کاش پوچھو	کہ مدعا	کیا ہے
ابتدا	حشو	ضرب

مصرعِ ثانی

اے ہمالہ اے فصیلِ کشورِ ہندوستاں

فاعلاتن	فاعلاتن	فاعلاتن	فاعلن
اے ہمالہ	اے فصیلے	کشورِ ہن	دوستاں
صدر	حشو		عروض

تیری پیشانی کو جھک کر چومتا ہے آسماں

فاعلاتن	فاعلاتن	فاعلاتن	فاعلن
تیری پیشا	نی کو جھک کر	چومتا ہے	آسماں
ابتدا	حشو		ضرب

فاعلن کی جگہ فاعلان بھی رکھ سکتے ہیں۔

اس طرح مسدس بیت میں دو حشو اور مثمن میں چار رکن حشو ہوتے ہیں۔

مربع میں کوئی رکن حشو نہیں ہوتا۔

ابتدا کو مطلع اور ضرب کو عجز بھی کہتے ہیں۔

اقسامِ بیت بہ لحاظِ تعدادِ ارکان

مثمن | وہ بیت جس کے ہر ایک مصرعے میں چار رکن اور دونوں مصرعوں میں کل ملا کر آٹھ رکن ہوں جیسے ؎

سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا (مفعولُ فاعلاتن / مفعولُ فاعلاتن)

ہم بلبلیں ہیں اس کی یہ گلستاں ہمارا (″ ″ / ″ ″)

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اس بیت میں چار ارکان فی مصرع ہیں۔

مسدّس وہ بیت جس کے ہر ایک مصرع میں تین اور دونوں مصرعوں میں ملا کر کل چھ ارکان ہوں جیسے

کس تکلف / سے چل رہی / ہے ہوا (فاعلاتن / مفاعلن / فعِلُن)
جیسے کوئی / کی دادیوں / میں صدا (" / " / ")

اس بیت کے ہر ایک مصرعے میں تین رکن ہیں۔

مُربّع وہ بیت جس کے ہر مصرعے میں دو اور دونوں مصرعوں میں ملا کر کل چار ارکان ہوں جیسے۔

وہ حسیں / نہ رہے (فَعِلُن / فَعِلُن)
وہ مکیں / نہ رہے (" / ") (دو رکن فی مصرع)

مُثلّث وہ بیت جس میں ضرب تک صرف تین ارکان ہوں یعنی فی مصرع ڈیڑھ رکن اور دونوں مصرعوں میں ملا کر کل تین رکن ہوں۔ یہ عربی سے مخصوص ہے۔

مثنّٰی وہ بیت جس کے ہر مصرعے میں ایک رکن ہو اور دونوں مصرعوں میں صرف دو رکن ہوں جیسے۔

آیئے (فاعلن)
جایئے (فاعلن) (فی مصرع ایک رکن)

موحّد وہ بیت جس کے دونوں مصرعوں میں صرف ایک رکن ہو۔ موحد دراصل

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بے اصل ہے۔

مضاعف الارکان وہ بیت جس میں کسی بیت کے مقررہ ارکان دوگنے کر کے ایک بیت قائم کی جائے۔ اس صورت میں مضاعف المثمن شانزدہ رکنی یعنی سولہ ارکان کی ہوگی۔ یعنی فی مصرع آٹھ رکن ہوں گے۔ اسی طرح مضاعف المسدس بارہ رکنی ہوگی یعنی فی مصرع چھ رکن کی ہو جائے گی۔

تام وہ بیت جس کے ہر مصرعے کے ارکان اُتنے ہی اور ویسے ہی مستعمل ہوں جتنے اور جیسے کہ دائرے میں واقع ہوئے ہیں۔ جیسے مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن بحر ہزج مثمن سالم وغیرہ۔

وافی وہ بیت جس کے ہر مصرعے کے ارکان کی تعداد اُتنی ہی ہو جتنی کہ دائرے میں دی گئی ہے یا موجد نے مقرر کی ہے پھر خواہ استعمال میں مثل دائرہ سالم رہیں یا ایک رکن یا کل ارکان میں کچھ تبدیلی یا تغیر ہو جائے۔

مُجَزّو وہ بیت وافی ہے جس کے ہر مصرعے سے ایک رکن نکال لیا گیا ہو یعنی جس کے دونوں مصرعوں میں سے دو ارکان کم کر دئے گئے ہوں۔ اس طرح مثمن مجزو ہو کر مسدس رہ جاتی ہے اور مسدس مجزو ہو کر مربع اور مربع مجزو ہو کر مثنیٰ رہ جاتی ہے۔

مَشطور اس بیت کا نام ہے جس کے ارکان اصل تعداد کے نصف ہوں۔ اس صورت میں مشطور اپنی اصل کے ایک مصرعے کے برابر ہوتی ہے۔

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مَنہُوک | اس بیت کو کہتے ہیں جس کے وافی کے ہر مصرعے میں سے دو تہائی ارکان نکال کر استعمال کریں۔ اس صورت میں اگر بیت وافی مسدس ہے تو منہوک ہو کر مثنیٰ رہ جائے گا۔ یہ بیت وافی مسدس ہی کے لیے مخصوص ہے۔

مُدَوَّر | وہ بیت جس کا پہلا مصرع دوسرے مصرعے سے الگ نہ ہو سکے یعنی جب دونوں مصرعوں کو جدا کریں تو لفظ مابین دو ٹکڑے ہو کر حصہ اول پہلے مصرعے میں شامل ہو جائے اور حصہ دوم دوسرے مصرعے میں جیسے ؎

رنج اٹھا کر (فاعلاتن) دل پھنسا کر (فاعلاتن)

جا ملا دُش (فاعلاتن) من سے دلبر (فاعلاتن)

(بحر رمل مثنیٰ سالم)

بیت دوم میں لفظ "دشمن" کے دو ٹکڑے ہو گئے۔ ایک حصہ "دش" پہلے مصرع میں اور دوسرا حصہ "من" دوسرے مصرعے میں شامل ہو گیا۔

مُصَرَّع | وہ بیت جس کے دونوں مصرعے وزن اور ردیف میں یکساں اور مقفیٰ ہوں جیسے مطلع یا مقفیٰ شعر

نقش فریادی ہے کس کی شوخیٔ تحریر کا
کاغذی ہے پیرہن ہر پیکرِ تصویر کا (غالب)

یا

سورج نے دیا اپنی شعاعوں کو یہ پیغام
دنیا ہے عجب چیز کبھی صبح کبھی شام (اقبال)

سَالِم | وہ رکن جو اپنی اصل وضع پر ہو اور اس میں کوئی تغیر نہ کیا گیا ہو جیسے

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فعولن یا مفاعیلن وغیرہ اور جس وزن یا بحر میں سالم ارکان استعمال کئے گئے ہوں اس کو بھی سالم کہتے ہیں۔ جیسے ؎

کل چودھویں / کی رات تھی / شب بھر رہا / چرچا ترا
کچھ نے کہا / یہ چاند ہے / کچھ نے کہا / چہرہ ترا (ابن انشا)
مستفعلن / مستفعلن / مستفعلن / مستفعلن

(بحر رجز مثمن سالم)

اصول اصول اور سالم کی ایک ہی تعریف ہے مگر فرق اتنا ہے کہ یہ بحر کے وزن کا نام نہیں فقط ارکان کا نام ہے۔

بنا بحر کے استعمال کو بنا کہتے ہیں خواہ وہ بحر دائرے کے موافق ہو یا اس میں کچھ تغیر ہوگیا ہو۔

بحروں کے نام اور ان کی تعداد

موجد	بحروں کے نام	تعداد
خلیل ابن احمد بصری	(۱) طویل (۲) مدید (۳) بسیط (۴) وافر (۵) کامل (۶) رجز (۷) ہزج (۸) رمل (۹) مقتضب (۱۰) منسرح (۱۱) سریع (۱۲) خفیف (۱۳) مجتث (۱۴) مضارع (۱۵) متقارب	۱۵ پندرہ بحریں
ابوالحسن اخفش	(۱۶) متدارک	۱ ایک
یوسف نیشاپوری	(۱۷) قریب	۱ ایک
بزرجمہر	(۱۸) جدید	۱ ایک
نامعلوم	(۱۹) مشاکل	۱ ایک

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

یہ انیس[۱۹] بحریں ارکان عشرہ کی باہمی تکرار یا ان کے اُلٹ پھیر سے تیار کی گئی ہیں۔ ان کے علاوہ کچھ لوگوں نے اور بھی بحریں ایجاد کیں لیکن ان کو شرف قبولیت حاصل نہیں ہوا۔

مفرد بحریں وہ بحریں جو ایک ہی رکن کی تکرار سے بنتی ہیں ان کو بحور مفرد کہتے ہیں۔ مفرد بحروں کی تعداد سات ہے۔

مرکب بحریں وہ بحریں جو دو مختلف ارکان کی تکرار یا ان کے میل سے بنتی ہیں بحور مرکب کہلاتی ہیں۔ مرکب بحریں بارہ[۱۲] ہیں۔

اوزان بحور

نمبر شمار	نام بحر	اوزان فی مصرع	تعداد ارکان فی شعر
۱	متقارب مثمن سالم	فعولن فعولن فعولن فعولن	آٹھ (۸)
۲	متدارک یا خبب مثمن سالم غریب مثمن سالم	فاعلن فاعلن فاعلن فاعلن	آٹھ (۸)
۳	رمل مثمن سالم	فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن	آٹھ (۸)
۴	ہزج مثمن سالم	مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن	آٹھ (۸)
۵	رجز مثمن سالم	مستفعلن مستفعلن مستفعلن مستفعلن	آٹھ (۸)
۶	کامل مثمن سالم	متفاعلن متفاعلن متفاعلن متفاعلن	آٹھ (۸)
۷	وافر مثمن سالم	مفاعلتن مفاعلتن مفاعلتن مفاعلتن	آٹھ (۸)

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مرکب بحریں

تعداد ارکان فی شعر	اوزان فی مصرع	نام بحر	نمبر شمار
آٹھ (۸)	فعولن مفاعیلن فعولن مفاعیلن	طویل مثمن	۱
آٹھ (۸)	فاعلاتن فاعلن فاعلاتن فاعلن	مدید مثمن	۲
آٹھ (۸)	مستفعلن فاعلن مستفعلن فاعلن	بسیط مثمن	۳
آٹھ (۸)	مفاعیلن فاعِ لاتُن مفاعیلن فاعِ لاتُن	مضارع مثمن	۴
آٹھ (۸)	مفعولاتُ مستفعلن مفعولاتُ مستفعلن	مقتضب مثمن	۵
آٹھ (۸)	مُس تفعِ لُن فاعلاتن مُس تفعِ لُن فاعلاتن	مجتث مثمن	۶
آٹھ (۸)	مستفعلن مفعولاتُ مستفعلن مفعولاتُ	منسرح مثمن	۷
چھ (۶)	مستفعلن مستفعلن مفعولاتُ	سریع مسدس	۸
چھ (۶)	فاعلاتن فاعلاتن مستفعلن	جدید مسدس	۹
چھ (۶)	فاعلاتن مُس تفعِ لُن فاعلاتن	خفیف مسدس	۱۰
چھ (۶)	مفاعیلن مفاعیلن فاعلاتن	قریب مسدس	۱۱
چھ (۶)	فاعِ لاتُن مفاعیلن مفاعیلن	مشاکل مسدس	۱۲

اس طرح مندرجہ بالا انیس[۱۹] سالم بحروں میں سے چودہ[۱۴] مثمن الاصل ہیں۔
اور پانچ مسدس الاصل لیکن زحافات کے اثر سے ان کی مختلف شکلیں پیدا ہوتی ہیں۔

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جن کے نام زحافات کی مناسبت سے متعین کئے جاتے ہیں۔

جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے کہ ان انیس [۱۹] بحروں کے علاوہ کچھ لوگوں نے اور بھی بحریں ایجاد کی ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ کچھ اردو شعراء نے ان بحروں میں نئے تجربات کئے ہوں یا دور حاضر یا مستقبل میں ان بحروں کے نئے اوزان کے تجربات کرنے کی طرف مائل ہوں لہٰذا ان میں سے چند بحروں کے اوزان پیش کئے جاتے ہیں۔ راقم الحروف سید غلام حسنین قدر بلگرامی کی اس رائے سے اتفاق کرتا ہے کہ :

" اکثر ارکان کی الٹ پھیر اور افراط و تفریط سے اور زحافات کے استعمال سے ایسا کوئی نہ کوئی وزن بن جاتا ہے جو کسی تصنیف میں موجود نہیں اور بخوبی جائز و درست ہے اور کبھی کبھی کسی شاعر کا ایسا کوئی نہ کوئی شعر مل جاتا ہے جس کا وزن کسی کتاب عروض میں درج نہیں اور بہر عنوان درست و جائز ہے۔"

(قواعد العروض ص ۱۱۸)

مندرجہ ذیل تین بحروں کو فارسی عروض والوں نے بحور مستحدثہ سے ایجاد کیا ہے:-

نمبر شمار	نام بحر	اوزان فی مصرع
۱	عریض مثمن سالم یا منتظیل " "	مفاعیلن فعولن مفاعیلن فعولن
۲	عمیق مثمن سالم یا ممتد " "	فاعلن فاعلاتن فاعلن فاعلاتن
۳	رجز مثمن مخبون مرفل یا کامل مثمن موقوص مرفل	مفاعلاتن مفاعلاتن مفاعلاتن مفاعلاتن

(نیز دیکھئے حکیم محمد نجم الغنی خاں۔ بحر الفصاحت ص ۱۱۰)

ابو عبد اللہ قرشی نے دائرہ منعکسہ سے مندرجہ ذیل ۵ بحریں استخراج کی ہیں

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ان کے سالم اوزان تو کم یاب ہیں لیکن عربی اور فارسی میں ان کے مزاحف اوزان میں اشعار مل جاتے ہیں۔

بقول قدر بلگرامی" ان کے مزاحف اوزان محمد بن قیس نے "معیار العجم" میں درج کئے ہیں۔۔۔ ان بحروں کے کل اوزانِ مزاحف بحورِ نوزدہ گانہ سے ملتبس ہوتے ہیں۔ (قواعد العروض ص ۳۲۰)

اوزان فی مصرع	نام بحر	نمبر شمار
مفاعیلن فاعِ لاتن فاعِ لاتن	صریم مسدس سالم	۱
مفعولاتُ مفعولاتُ مستفعلن	کبیر مسدس سالم	۲
مس تفعولن مس تفع لن فاعلاتن	بدیل مسدس سالم	۳
فاع لاتن فاع لاتن مفاعیلن	قلیب مسدس سالم	۴
مفعولاتُ مستفعلن مفعولات	حمید مسدس سالم	۵
مس تفعِ لن فاعلاتن مس تفعِ لن	صغیر مسدس سالم	۶
فاعِ لاتن مفاعیلن فاعِ لاتن	اصم مسدس سالم	۷
مُستفعِلن مفعولاتُ مفعولات	سلیم مسدس سالم	۸
فاعلاتن مس تفع لن مس تفع لن	حمیم مسدس سالم	۹

قدر بلگرامی نے جس بحر کو "بدیل" لکھا ہے۔ صاحبِ بحر الفصاحت نے اس کو "بدیل" تحریر کیا ہے۔

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سید غلام حسنین قدر بلگرامی نے گیارہ اور بحروں کا ذکر کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

"بحور دائرہ منفکہ کے علاوہ رسالۂ محب دہلوی اور کافی العروض اور رسالۂ میزان الاشعار سے واضح ہوتا ہے کہ گیارہ بحریں اور ایسی اصلاحات ہوئی ہیں جن میں دو تین کے سوا سب تقطیع غیر حقیقی اور زحافات بے موقع سے ناجائز ہیں۔"
(قواعد العروض ص ۳۲۵)

بہرحال ان گیارہ بحروں کے اوزان مندرجہ ذیل ہیں:-

نمبر شمار	نام بحر	اوزان فی مصرع
۱	متشابہ مثمن سالم	مفعولاتُ مفعولاتُ مفعولاتُ مفعولاتُ
۲	مختص مثمن سالم	متفاعلن مفاعلتن متفاعلن مفاعلتن
۳	مزید مثمن سالم	فاعلن متفاعلن فاعلن متفاعلن
۴	مستوی مثمن سالم	مفعولاتُ فاعلاتن مفعولاتُ فاعلاتن
۵	محیط مثمن سالم	مفعولاتُ مفاعلتن مفعولاتُ مفاعلتن
۶	حمیدہ مثمن سالم	فاعلن فعولن فاعلن فعولن
۷	کُفت مثمن سالم	متفاعلتن متفاعلتن متفاعلتن متفاعلتن
۸	زائل مربع سالم	مفتعلاتن مفتعلاتن
۹	خبب مثمن سالم	مفعولُ فعلان مفعولُ فعلان
۱۰	مواسع مسدس سالم	فاعلتن مفعولُ فعولن
۱۱	مرکن معشر سالم	مفعولُ مفاعیلُ مفاعیلُ فعولن مفعولن

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ان گیارہ بحروں میں سے کچھ بحروں کے اوزان مروجہ انیس بحروں کے مزاحف اوزان کے مماثل ہیں لہٰذا وہ بے اصل ہے۔ مثلاً۔

(۱) مفعولاتُ مفعولاتُ مفعولاتُ مفعولاتُ / (متشابہ مثمن سالم)
= مفعولن / مفاعیلن / مفاعیلن / مفاعیلان / (ہزج مثمن اخرم مسبّغ)
یعنی بحر متشابہ مثمن سالم = بحر ہزج مثمن اخرم مسبّغ

(۲) مُتفاعلتن / مُتفاعلتن / متفاعلتن / مُتفاعلتن (بحر کفت مثمن سالم)
= فَعِلُن / فعِلن / فعِلن / فعِلن / فعِلن / فعِلن / فعِلن / فعِلن / (بحر متدارک مخبون سولہ رکنی)
یعنی بحر کفت سالم = بحر متدارک مثمن مخبون مضاعف الارکان (سولہ رکنی)

(۳) مُفتعِلاتن / مُفتعِلاتن / (بحر زلل مربع سالم)
= فاعِ / فعولن / فاعِ / فعولن / (بحر متقارب مثمن اثرم مقبوض مجبق)
بحر زلل مربع سالم = بحر متقارب مثمن اثرم مقبوض مجبق)

(۴) مَفعولُ فعلان / مَفعولُ فعلان / (بحر خبب مثمن سالم)
= فَعلن / فعولان / فَعلن / فعولان / (بحر متقارب مثمن اثلم مسبّغ)
بحر خبب مثمن سالم = بحر متقارب مثمن اثلم مسبّغ

(۵) فاعلتن مفعولُ فعولن / (بحر مواسع مسدس سالم)
= فاعِ / فعولن / فاعِ / فعولن / (بحر متقارب مثمن اثرم مقبوض مجبق)
بحر مواسع مسدس سالم = بحر متقارب مثمن اثرم مقبوض مجبق

(۶) مفعولُ / مفاعیلُ / مفاعیلُ / فعولن مفعولن / (بحر مرکن معشر سالم)
= مفعولُ / مفاعیلُ / مفاعیلُ / مفاعیلن / فعلن / (بحر ہزج معشر اخرب مکفوف مجبق محذوف)
بحر مرکن معشر سالم = بحر ہزج معشر اخرب مکفوف مجبق محذوف

نوٹ: معشر اس بیت کو کہتے ہیں جس کے ہر مصرعے میں پانچ رکن ہوں اور دونوں مصرعوں میں کل دس ارکان ہوں۔

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

زحافات و علل

زحاف وہ تغیر و تبدل جو اصول میں ہو گیا ہو خواہ اصل رکن کے کسی حرف کو ساکن کر دیا جائے خواہ کسی حرف کو متحرک خواہ کسی حرف کو ساقط کر دیا جائے خواہ کوئی بڑھا دیا جائے خواہ تغیر ایک بار ہو خواہ ایک بار سے زیادہ۔ بعض کے نزدیک زحاف وہ تغیر ہے جو سبب کے دوسرے حرف میں ہو۔

علّت وہ تغیر جو سبب کے دوسرے حرف کے علاوہ کہیں اور ہو۔ اس لحاظ سے زحاف تغیر خاص ہوا اور علت تغیر عام لیکن غیر سبب کی تخصیص سے علت خاص تغیر ہے اور زحاف عام۔ علت کی جمع علل ہے[1]

لفظ زحاف اگرچہ زحف کی جمع ہے اور زحافات جمع الجمع ہے لیکن عروضیوں نے زحاف کو لفظ واحد کی حیثیت سے استعمال کیا ہے۔

مُزاحَف وہ رکن جس میں کسی طرح کا کچھ تغیر ہوا ہو جیسے فاعلن سے الف گرا دینے کے بعد فَعِلُن مزاحف رکن ہوا۔

فُروع فروع جمع ہے فرع کی۔ فرع اس رکن کو کہتے ہیں جس میں کچھ تغیر ہو گیا ہو یعنی مزاحف رکن کو فرع کہتے ہیں جیسے فاعلن کے مزاحف رکن فعِلن کی فرع مخبون ہے۔

---

[1] علل کے بارے میں متقدمین کا قول آج کل مشہور نہیں علی العموم ہر ایک تغیر کو زحاف ہی کہتے ہیں۔ (بحر الفصاحت ص ۱۲۱)

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فروع دو قسم کی ہیں۔ (۱) فروعِ مؤلف (۲) فروعِ غیر مؤلف۔

فروعِ مؤلّف

فرعِ مؤلّف وہ فرع ہے جس کی تعبیر دو کلموں سے ہوتی ہے جیسے معترض مشعّع یا اثلم مشعّع وغیرہ

فروعِ غیر مؤلّف

وہ فرع ہے جس کی تعبیر دو کلموں سے نہ ہو اگرچہ اس کا مصداق دو تغیر سے مرکب ہو مگر لفظ میں مفرد ہو جیسے اخرب جو اخرم اور مکفوف سے مرکب ہے۔

اقسامِ زحافات بہ لحاظِ تعدادِ تغیر

مفرد زحافات

مفرد یا منفردہ زحاف وہ ہے جس کے ذریعے کسی رکن سالم میں صرف ایک تغیر ہو۔ جیسے خبن، کف یا طے وغیرہ۔

مرکّب زحافات

مرکّب یا مزدوجہ زحاف وہ ہے جس کے ذریعے کسی سالم رکن میں دو یا دو سے زیادہ تغیرات واقع ہوں۔ جیسے خرب (اجتماع خرم وکف) یا جمم (اجتماع عقل وعضب) یعنی اس میں تغیر ہوتے ہیں، کیوں کہ عقل خود عضب وقبض سے مرکب ہے۔

تعدادِ زحافات

زحافات کی تعداد (قسموں) کے متعلق عروضیوں میں سخت اختلاف رہا ہے۔
بعض نے ساٹھ لکھی ہے بعض نے ان سے بھی زیادہ۔ پروفیسر شاداں بلگرامی کے نزدیک زحاف کی انسٹھ ۵۹ قسمیں ہیں۔ جن میں وہ پینتیس ۳۵

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مفرد سمجھتے ہیں ۔ [1]
سید غلام حسنین قدر بلگرامی نے انتیس ۲۹ مفرد زحافات اور تیس ۳۰ مرکب زحافات کل ملا کر انسٹھ ۵۹ زحافات بیان کئے ہیں [2]
صاحب بحر الفصاحت بائیس ۲۲ منفردہ زحاف اور اکیس ۲۱ مزدوجہ زحاف یعنی کل تینتالیس ۴۳ زحاف تسلیم کرتے ہیں [3]
بہر حال یہاں صرف وہ زحافات بیان کئے جاتے ہیں جو اردو میں مروج ہیں ۔
جس رکن میں زحاف واقع ہوتا ہے اسے مزاحف یا فرع کہتے ہیں ۔
جو زحاف صدر و ابتدا یا عروض و ضرب کے لئے مخصوص ہیں وہ "زحاف خاص" کہلاتے ہیں اور جن زحافات کی بیت میں کوئی جگہ مقرر نہیں ہوتی ان کو "زحاف عام" کہتے ہیں ۔

مفرد زحافات

۱۔ اِذالہ جو وتد مجموع رکن کے آخر میں واقع ہو اس کے متحرک اور ساکن حروف کے درمیان میں ایک حرف ساکن یعنی الف زیادہ کرنے کو کہتے ہیں جس رکن میں یہ زحاف واقع ہو اسے مُذال کہتے ہیں ۔ فاعلن سے فاعلان ، مستفعلن سے مستفعلان اور متفاعلن سے متفاعلان مزاحف ارکان مذال ہیں ۔ یہ زحاف بحر رجز ، متدارک ، بسیط ، کامل ، سریع ، منسرح اور مقتضب میں آتا ہے اور اکثر عروض و ضرب میں واق

---

[1] بحوالہ بزمی انصاری :۔ امیر العروض ۔ ص ۱۱
[2] سید غلام حسنین قدر بلگرامی :۔ قواعد العروض ص ۴۲ ، ص ۵۲
[3] مولوی حکیم محمد نجم الغنی :۔ بحر الفصاحت ص ۱۲۱ ، ۱۲۲

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہوتا ہے۔ صدر و ابتدا میں اہل فن کے نزدیک ممنوع ہے لیکن حشو میں لانا عیب نہیں سمجھا جاتا۔

۲۔ اضمار مُتَفاعِلُن کی تَ کے ساکن کرنے کو کہتے ہیں مُتْفاعِلُن میں تَ ساکن ہو کر مُتْفاعِلُن رہا اس کی جگہ مُسْتَفْعِلُن رکھتے ہیں۔ اس مزاحف رکن کو مضمر کہتے ہیں یہ زحاف صرف بحر کامل میں آتا ہے۔

۳۔ ترفیل جب عروض اور ضرب میں ایسا رکن آئے جس کے آخر میں وتد مجموع ہو تو اُس وتد مجموع کے آخر میں ایک ایسا سبب خفیف بڑھا دینا جس کو وزن شعر میں کوئی دخل نہ ہو جیسے مستفعلن سے مُسْتَفْعِلَاتُن۔ یہ زحاف صرف مستفعلن سے مخصوص ہے۔ مُس تفع لن میں نہیں آتا۔ اس کے مزاحف رکن کو مُرفّل کہتے ہیں۔ اردو یا فارسی میں یہ زحاف کم آتا ہے۔

۴۔ تسبیغ جو سبب خفیف عروض و ضرب میں رکن کے آخر میں واقع ہو اس کے متحرک اور ساکن کے درمیان حرف ساکن یعنی الف بڑھا دینے کو تسبیغ کہتے ہیں۔ لہٰذا مفاعیلن، فعولن اور فاعلاتن (متصل اور منفصل) تسبیغ کے سبب بالترتیب مفاعیلان، فعولان اور فاعلاتان ہو جاتے ہیں۔ مگر فاعلاتان مستعمل نہیں ہے۔ اس کی جگہ فاعلیّان رکھ لیتے ہیں۔

یہ زحاف ہزج، رمل، مضارع، خفیف، متقارب، مدید، طویل اور مجتث میں آتا ہے۔ جس رکن میں تسبیغ ہو اس کو مُسبّغ کہتے کہتے ہیں۔ بحر رجز میں یہ زحاف ممکن نہیں کیونکہ اس مستفعلن متصل ہے اور اس کے آخر میں وتد مجموع ہے۔

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۵۔ تشعیث فاعلاتن کے وتد مجموع سے حرف متحرک کے گرانے کو کہتے ہیں۔ مگر اس حرف متحرک کے گرانے کے بارے میں اختلاف ہے۔ بعض کے نزدیک لام گرتا ہے اور بعض کے نزدیک عین۔ قطرب کا قول ہے کہ وتد مجموع کے حرف ساکن کے گرانے اور اس کے ماقبل کے ساکن کرنے سے مراد ہے۔ پہلی صورت میں فاعاتن دوسری صورت میں فالاتن اور تیسری صورت میں فاعلتن باقی رہا جن کو ہم وزن رکن مفعولن میں بدل لیتے ہیں۔ زجاج کہتا ہے کہ تشعیث زحاف مزدوج ہے کہ اول فاعلاتن میں خبن کرتے ہیں تو فعلاتن باقی رہا پھر عین کو ساکن کر دینے سے فعلاتن (ساکن العین) ہو جاتا ہے جس کو مفعولن سے بدل لیتے ہیں۔ بہر صورت مزاحف رکن مفعولن ہوتا ہے جس کو مُشعّث کہتے ہیں۔

سید غلام حسنین قدر بلگرامی نے اس زحاف کو مرکب زحاف میں شمار کیا ہے۔

یہ زحاف بحر مدید، خفیف، رمل اور مجتث میں آتا ہے۔

۶۔ ثلم رکن فعولن کی ف کو گرانے کا نام ثلم ہے۔ ف کو گرانے کے بعد عولن باقی رہتا ہے جس کو فعلن (ساکن العین) میں بدل دیتے ہیں۔ اس مزاحف رکن کو اثلم کہتے ہیں۔

یہ زحاف بحر متقارب اور طویل میں آتا ہے۔

۷۔ جَبّ دو سبب خفیف جو رکن کے آخر میں ہوں ان کے حذف کرنے کو جب کہتے ہیں۔ لہٰذا مفاعیلن سے عی اور لن دو سبب گرا کر مَفا رہ گیا اس کی جگہ فعَل (لام ساکن) رکھ دیتے ہیں۔ اس مزاحف رکن کو مجبوب کہتے ہیں۔ یہ زحاف بحر ہزج میں آتا ہے اور مصرعے کے آخر میں استعمال کیا جاتا ہے۔ چونکہ رباعی کے اوزان بحر ہزج سے مختص ہیں۔ اس لئے یہ زحاف رباعی میں بھی آجاتا ہے۔

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بعض جبّ کی تعریف اس طرح کرتے ہیں کہ حذف کے حذف کرنے کا نام جبّ ہے یعنی جہاں دو سبب خفیف رکن کے آخر میں واقع ہوں وہاں پہلے آخر کے سبب خفیف کو گرا دیا اور اس کے ساقط ہونے کے بعد پھر ایک سبب خفیف آخر میں باقی رہا اس کو بھی گرا دینا۔ اس تعریف سے یہ زحاف دو حذف کے باعث مرکب ہوا۔ پہلی صورت میں یہ زحاف مفرد ہوگا۔

۸۔ جَدْع جب دو سبب خفیف کسی رکن کے شروع میں واقع ہوں تو ان دونوں سببوں کو نکال ڈالنا جدع کہلاتا ہے۔ محقق طوسی نے اس زحاف کا نام نہیں بتایا بلکہ ہر جگہ وہ اس کا ایک الگ نام رکھتے ہیں۔ یعنی مستفعلن میں مخبون احذ اور مفعولاتُ میں اصلم مقصور لیکن جدع سے مفعولاتُ میں لاتُ وتد مفروق کی حرکت دوم بحال رہتی ہے اور عمل محقق سے وہ بھی رفع ہو جاتی ہے بہذا القول محقق مفعولاتُ میں اصلم مقصور صحیح ہے لیکن احذ مقصور سوائے آخر کے اور کہیں نہیں آتے اور جدع عروض و ضرب کے واسطے مخصوص ہے۔ اس سے ثابت ہوا کہ مفعولات کے شروع کے دو سبب یعنی مفعو کو ساقط کرنے اور وتد مفروق کے آخر حرف تُ کی حرکت کو ساکن کرنے کا نام جدع ہے اس طرح مزاحف رکن لاتْ رہا جس کو فاعْ سے بدل لیتے ہیں اس مزاحف رکن کا نام مجدوع ہے

یہ زحاف اکثر بحر سریع، منسرح اور مقتضب میں آتا ہے۔ بالخصوص رکن مفعولاتُ میں ہی واقع ہوتا ہے۔

۹۔ حَذَذ رکن کے آخر سے وتد مجموع کے گرانے کو حذذ کہتے ہیں۔ اس طرح مُتَفاعِلُن، مَفاعِلُن اور فاعِلُن سے عِلُن گرانے کے بعد بالترتیب مُتَف، مُتَفا اور مَفا باقی رہتے ہیں جن کو فَعْلُن (ساکن العین) فَعِلُن (عین بالکسرہ) اور فَعْ سے بدل لیتے ہیں۔ یہ مزاحف ارکان احذ کہلاتے ہیں۔

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

یہ زحاف مخبون، مخلّع رکن میں نہیں آتا کیونکہ ان کے آخر میں وتد مجموع نہیں ہے۔ یہ بحر بسیط، کامل، رجز اور متدارک میں اکثر آتا ہے باقی بحور میں بہت کم واقع ہوتا ہے۔

۱۰۔ حَذْف رکن کے آخر سے سبب خفیف کے گرانے کو کہتے ہیں۔ اس طرح فعولن، مفاعیلن اور فاعلاتن سے سبب خفیف گرانے کے بعد فعو، مفاعی اور فاعلا باقی رہ گئے جن کو بالترتیب فَعَل، فعولن اور فاعلن سے بدل لیتے ہیں۔ فاع لاتن سے فاع لا رہا جس کو فاع لن میں بدل لیتے ہیں۔ یہ زحاف بحر مدید، ہزج، رمل، مضارع، مجتث، طویل اور متقارب میں آتا ہے۔ اور عروض و ضرب کے لئے مخصوص ہے۔

اس زحاف کے مزاحف رکن کو محذوف کہتے ہیں۔

۱۱۔ خَبْن رکن کے پہلے سبب خفیف کے ساکن حرف کے گرانے کو خبن کہتے ہیں۔ جب فاعلن سے الف گرا دیں تو فَعِلُن رہ جائے گا اور فاعلاتن سے فَعِلاتن اور مُستَفعِلُن سے سین گرانے پر مُتَفعِلُن رہے گا اس کی جگہ مفاعلن رکھ دیتے ہیں۔ مفعولاتُ سے ف کو دور کرنے پر معولاتُ باقی رہتا ہے جس کو فعولاتُ سے بدل دیتے ہیں۔

یہ زحاف بحر رمل، رجز، متدارک، بسیط، مدید، منسرح، مجتث، سریع، خفیف اور مقتضب میں واقع ہوتا ہے۔ اس کے مزاحف رکن کو مخبون کہتے ہیں۔

۱۲۔ خَرْم رکن سباعی (سات حرفی رکن) کا پہلا جزو اگر وتد مجموع ہو تو اس وتد کے متحرک اول کو ساقط کرنا۔ مگر شرط یہ ہے کہ اس سباعی رکن میں سبب ثقیل موجود نہ ہو۔ یہ علت چار زحاف جس رکن میں آئے اسے اخرم کہتے ہیں۔ یہ زحاف مفاعیلن سے مخصوص ہے۔ خرم سے مفاعیلن کی م گر جاتی ہے اور فاعیلن باقی رہتا ہے جس کو مفعولن سے بدل لیا جاتا ہے۔ مفعولن اگر صدر و ابتدا میں ہو تو خرم اور یہ بحر ہزج میں آتا ہے۔

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دونوں مصاریع کے اوزان میں ہو تو محجّف ہے۔ یہ زحاف بحر ہزج، قریب۔ اور مضارع میں آتا ہے۔

۱۳۔ رَفع

جب دو سبب خفیف متوالی کسی رکن کے شروع میں واقع ہوں۔ تو ان دونوں میں سے ایک سبب خفیف پورا نکال ڈالنا۔ رفع جس رکن میں ہو اس کو مرفوع کہتے ہیں۔ مُستَفعِلُن سے مُس نکالنے پر تَفعِلُن باقی رہا جس کو فاعلن سے بدل لیتے ہیں۔ مَفعُولَاتُ سے مَف نکالنے پر عُولَاتُ باقی رہتا ہے جس کو مفعولُ سے بدل لیا جاتا ہے۔

یہ زحاف بحر رجز، بسیط، مقتضب، منسرح اور سریع میں واقع ہوتا ہے۔ بشرطیکہ حرف دوسری نہ ہو جائے۔

۱۴۔ صَلم

رکن کے آخر میں جو وتد مفروق ہو وہ سب کا سب اُڑا دینا بشرطیکہ اس کے بعد کوئی جز نہ ہو، صلم کہلاتا ہے۔ اس کے مزاحف رکن کا نام اصلم ہے۔ مفعولاتُ میں سے وتد مفروق لاتُ کو گرا دیا تو مفعو باقی رہا جس کو فعلن (ساکن العین) سے بدل دیتے ہیں۔

یہ زحاف بحر مقتضب، منسرح اور سریع میں آتا ہے۔

۱۵۔ طَیّ

جس رکن کے شروع میں دو سبب خفیف ہوں اس کے چوتھے حرف ساکن کے گرانے کو طے کہتے ہیں۔ مُستَفعِلُن کی "ف" کو گرانے کے بعد مُستَعِلُن باقی رہا اس کی جگہ مُفتَعِلُن رکھ لیتے ہیں اور مفعولاتُ کی واؤ دور کرنے سے مفعلاتُ باقی رہتا ہے اس کو فاعلاتُ سے بدل دیتے ہیں۔ اس کے مزاحف رکن کو مطوی کہتے ہیں۔

یہ زحاف بحر بسیط، رجز، سریع، مقتضب اور منسرح میں واقع ہوتا ہے۔

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۱۶۔ عَصْب مَفَاعِلَتُن کے لام کو ساکن کر کے مفاعیلن سے بدل دینے کو عصب کہتے ہیں۔ اس کا مزاحف رکن معصوب کہلاتا ہے۔ یہ زحاف بحرِ وافر میں آتا ہے۔

۱۷۔ اَعْضَب جو وتدِ مجموع رکن کے شروع میں واقع ہو اس کے پہلے متحرک حرف کو ساقط کرنا غضب کہلاتا ہے۔ مُفَاعِلَتُن کی میم گرانے کے بعد فاعِلَتُن رہا جس کو مفتعلن سے بدل دیا جاتا ہے۔ یہ مزاحف رکن اَعْضَب کہلاتا ہے۔

یہ زحاف بحرِ وافر میں واقع ہوتا ہے۔

۱۸۔ قَبْض رکن کے اس پانچویں حرف ساکن کو گرا دینا جو سبب خفیف کا ساکن ہو۔ رکن مزاحف کو مقبوض کہتے ہیں۔ مُفَاعِیْلُن کی یے دور کرنے پر مُفَاعِلُن رہتا ہے اور فعولن کا ن گرانے پر فعولُ رہ جاتا ہے۔

یہ زحاف بحرِ ہزج، متقارب، طویل اور مضارع میں آتا ہے۔

۱۹۔ قَصْر رکن کے آخر میں سبب خفیف کے ساکن کو گرا دینا اور ساکن سے پہلے متحرک حرف کو ساکن کر دینا قصر کہلاتا ہے۔ ساکن حرف چاہے رکن کا پانچواں حرف ہو یا ساتواں حرف۔ قصر والے رکن کو مقصور کہتے ہیں۔ یہ بیت کے عروض و ضرب کے لئے خاص ہے۔ فعولن سے فعولْ، مفاعیلن سے مفاعیلْ، فاعلاتن سے فاعلاتْ، مستفعلن سے مُستفعِلْ رہ جاتا ہے جس کو مفعولن سے بدل لیتے ہیں۔ باقی ارکان مانوس ہیں نہیں بدلتے۔

یہ زحاف بحرِ متقارب، ہزج، رمل، طویل، خفیف، مدید، مجتث اور مضارع میں آتا ہے۔

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۲۰۔ قَطع رکن کے آخر سے وتد مجموع کے حرفِ ساکن کو گرانا اور اس سے پہلے متحرک حرف کو ساکن کرنا قطع کہلاتا ہے۔ اس رکنِ مزاحف کو مقطوع کہتے ہیں۔ مستفعلن سے مستفعل۔ فاعلن سے فاعل، اور متفاعلن سے متفاعل باقی رہتے ہیں۔ مستفعل کو مفعولن سے اور فاعل کو فعلن (ساکن العین) اور متفاعل فعلاتن (عین مکسور) سے بدل لیتے ہیں۔

یہ زحاف بحر رجز، متدارک، کامل، بسیط، جدید، مدید، اور مقتضب میں واقع ہوتا ہے۔ اور عروض و ضرب کے لئے مخصوص ہے۔

۲۱۔ کَفّ رکن کے ساتویں حرفِ ساکن کے گرانے کو کہتے ہیں بشرطیکہ وہ حرفِ ساکن سبب خفیف کا ہو۔ مفاعیلن کا نون گرانے سے مفاعیلُ باقی رہتا ہے اور فاعلاتن کا نون گرکر فاعلاتُ رہ جاتا ہے۔ یہ دونوں مانوس ارکان ہیں۔ لہٰذا ان کو تبدیل نہیں کرتے جس رکن میں یہ زحاف واقع ہو اس کو مکفوف کہتے ہیں۔

یہ زحاف بحر ہزج، رمل، خفیف، مجتث اور مضارع میں واقع ہوتا ہے۔

۲۲۔ کَسْف محقق طوسی نے شین معجمہ (کشف) اور سکاکی نے سین مہملہ (کسف) صحیح بتایا ہے[۱] جس رکن کے آخر میں وتد مفروق ہو، اس وتد کے دوسرے متحرک حرف کے گرانے کو کسف کہتے ہیں۔ مفعولاتُ کی تُ گرانے کے بعد مفعولا باقی رہا جس کو مفعولن سے بدل لیتے ہیں۔ ایسے رکن مزاحف کو مکسوف یا مکشوف کہتے ہیں۔

یہ زحاف بحر سریع، منسرح اور مقتضب میں آتا ہے۔

---

[۱] قواعد العروض۔ ص ۴۴

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۲۳- وقف جس رکن کے آخر میں وتد مفروق ہو۔ اس وتد مفروق کے متحرک دوم کو ساکن کر دینا وقف کہلاتا ہے۔ مفعولاتُ کی تُ کو ساکن کرکے مفعولاتْ رہ جاتا ہے جس کو مفعولان میں بدل لیتے ہیں۔ ویسے مفعولاتْ بھی غیر مانوس نہیں ہے۔ وقف جس رکن میں ہو اس کو موقوف کہتے ہیں۔

یہ زحاف اواخر مصاریع کے لئے مخصوص ہے اور بحر سریع اور منسرح میں آتا ہے۔

۲۴- تسکین اوسط کسی رکن میں جب تین متحرک ایک جا ہو جائیں تو وسط کے متحرک کو ساکن کر دیتے ہیں جس کو تسکین اوسط کہا جاتا ہے۔ تسکین جس رکن میں ہو اس کو مسکّن کہتے ہیں۔ جیسے فَعِلاتُن میں فَ عِ لَ تینوں متحرک ہیں عِ کو ساکن کر دیا تو فَعْلاتُن (بسکون عین) رہ گیا۔ جسے مفعولن سے بدل لیتے ہیں۔ تین متحرک متوالی خواہ ایک رکن میں ہوں خواہ دو رکن میں جیسے مفعولُ مَفاعیلن میں لُ مَ فَ تینوں حروف متحرک ہیں۔ اس میں مَ کو ساکن کرنے سے مفعولن مفعولن ہو جائے گا۔ لیکن جہاں تسکین سے بحر بدلتی ہو یا کسی اور زحاف کا عمل چل سکتا ہو وہاں تسکین نہیں چاہئے۔ جیسے فعلاتُ فاعلاتن میں تسکین سے مفعولُ فاعلاتن کر لیا جائے تو بحر رمل سے بحر مضارع ہو جائے گی۔ یہاں تسکین نہیں چاہئے۔ یا جیسے مفاعیلُ فعولُ کو تسکین دے کر مفاعیلن فاع میں بدل لیا جائے تو یہ عمل تجنیق ہے۔ یہاں بھی تسکین نہیں سمجھنا چاہئے۔ یا اگر شاعر نے کسی مقام پر تین متحرک متوالی کا التزام کر لیا ہو وہاں بھی تسکین نہیں چاہئے کیونکہ تسکین سے اس کا التزام باطل ہو جائے گا۔

۲۵- تجنیق یا تخنیق صاحب حدائق العجم اس کا حرف دوم خائے معجمہ اور سوم نون ہے لیکن علامہ نقشبند نے شرح خزرجیہ میں اس کا حرف دوم حائے حطی اور سوم بائے موحدہ

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

میم جاتا ہے۔ بقول محقق طوسی و شارح خزرجیہ جب وتد مجموع رکن کے شروع پر ہو اور وہ رکن صدر یا ابتدا میں نہ ہو بلکہ حشو یا عروض و ضرب میں واقع اور اس رکن سے پہلے ایک حرف متحرک ہو جس سے تین متحرک متوالی ہو جائیں تو اس وتد کے حرف اول کو ساکن کرنا۔ اس صورت میں تخنیق گویا وتد مجموع کے شروع حرف کی تعریف ٹھہری جو اپنے سے پہلے متحرک حرف سے مل گیا ہے۔ محمد ابن قیس کا قول ہے کہ خرم کو سوائے صدر و ابتدا کے کہیں اور لائیں تو اس کا نام تخنیق ہے۔ سید غلام حسنین قدر بلگرامی کے نزدیک اصل الاصول سب کی تسکین ہے یعنی اس کی تین قسمیں ہیں۔ ایک خود تسکین دوسری تخنیق اور تیسری تشعیث۔ زحاف تسکین تو ہر جگہ اور دو دو رکن میں بھی اپنا عمل کر سکتا ہے اور تخنیق خاص دو رکن یعنی وتد مجموع ابتدائی اور رکن غیر ابتدائی میں اور تشعیث خبن کے بعد خاص عروض و ضرب میں عامل ہے۔[1] (جیسا کہ پہلے کہا جا چکا ہے کہ قدر بلگرامی تشعیث کو مرکب زحاف میں شمار کرتے ہیں) تخنیق والے رکن کو بعض مخنق کہتے ہیں اور بعض اس کو مُخَنّق کہتے ہیں۔

مُرکّب زحافات

۱۔ بَتر رکن فعولن میں حذف اور قطع کے جمع کرنے کو بتر کہتے ہیں۔ لہٰذا فعولن سے لُن حذف کی وجہ سے اور واؤ قطع کے سبب گر جائے گا اور عین ساکن ہو جائے گی تو فع باقی رہے گا۔ اس رکن کو اَبتر کہتے ہیں۔

یہ زحاف بحر متقارب اور ہزج میں واقع ہوتا ہے۔

[1] بحوالہ: سید غلام حسنین قدر بلگرامی۔ قواعد العروض ص ۴۹ ۔ ص ۵۰

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

شمس الدین فقیر مفاعیلن میں جَب اور خرم کے اجتماع کو بھی بتر کہتے ہیں۔ جو غالباً درست نہیں ہے۔ ابن قیس کے نزدیک بتر یہ ہے کہ فعولن کا وتد مجموع گرا دیں پس فعولن سے لُن باقی رہتا ہے۔ لیکن یہ مرکب نہ ہوگا۔

۲۔ ثَرَم فعولن میں خرم اور قبض کے اجتماع کا نام ثَرَم ہے۔ فعولن سے فٌ خرم کی وجہ سے اور نون قبض کی وجہ سے گرا دیں تو عولُ باقی رہے گا جس کو فعْلُ (لام متحرک) یا فاعِ (عین متحرک) سے بدل لیتے ہیں۔ اس مزاحف رکن کو اثرم کہتے ہیں۔ یہ زحاف بحر متقارب اور طویل میں واقع ہوتا ہے۔

قدر بلگرامی قبض اور ثلم کے اجتماع کو ثرم کہتے ہیں [۱]

۳۔ جَحْف یہ اجتماع حذف و حذذ ہے اور اواخر مصاریع کے لئے مخصوص ہے جس رکن کے شروع اور آخر میں سبب خفیف ہوں اور درمیان میں وتد مجموع ہو تو پہلے اس کے سبب آخر کو گرا دینا پھر وتد مجموع آخر میں ہو جائے گا۔ اس کو پورا ساقط کرنا۔ اس طرح فاعلاتن سے حذف کی وجہ سے پہلے تن گر جائے گا پھر فاعلا باقی رہے گا علا کو حذذ کے سبب سے دور کر دیا جائے گا تو فا باقی رہ جائے جس کو فع میں بدل لیں گے۔ لیکن صاحب بحر الفصاحت کے نزدیک فعِلاتن مخبون کے فاصلۂ صغریٰ کے حذف کرنے کو جحف کہتے ہیں۔ اس طرح فعِلاتن سے فعِلا کو حذف کرنے کے بعد تن باقی رہا اس کی جگہ فع نقل کر لیا۔ [۲] لیکن بقول قدر بلگرامی یہ عمل بے اصل محض ہے کیونکہ فاصلۂ صغریٰ کے سقوط کا حکم عروض میں نہیں ہے۔" [۳]

---

[۱] بحوالہ: سید غلام حسنین قدر بلگرامی۔ قواعد العروض ص ۵۶

[۲] حکیم محمد نجم الغنی ۔ بحر الفصاحت ۔ ص ۱۳۷

[۳] سید غلام حسنین قدر بلگرامی۔ قواعد العروض۔ ص ۵۸

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جس رکن میں جحف آتا ہے اس کو مجحوف کہتے ہیں۔ یہ زحاف بحر رمل میں آتا ہے
بحر مجتث، خفیف اور قریب میں بھی آسکتا ہے۔

۴۔ جَمَم | عقل اور عصب کے اجتماع کا نام جمم ہے۔[1] جس رکن میں پہلے وتد مجموع ہو اس کے بعد سبب ثقیل اور آخر میں سبب خفیف ہو تو اس کے پانچویں حرف کو ساکن کر کے نکال ڈالنا پھر حرف اول متحرک کو ساقط کرنا بشرطیکہ وہ رکن صدر و ابتدا یا ایک ہی واقع ہو۔ جمم جس رکن میں ہو اس کو اجمّ کہتے ہیں۔ اس طرح رکن مُفاعلتن کے حرف پنجم تؔ کو ساکن کر کے نکالنے پر مُفاعلُن باقی رہ گیا اس کے پہلے حرف متحرک مؔ کو ساقط کرنے پر فاعلُن رہا یہ مزاحف رکن اجمّ ہے۔

صاحب بحر الفصاحت لکھتے ہیں :

• جمم اجتماع عقل و خرم ہے پس مفاعلتن سے بسبب عقل کے لام ساکن ہو کر گر گیا اور بسبب خرم کے میم متحرک حذف ہوئی فاعلتن باقی رہا اس کو فاعلن سے بدل لیا۔[2]

صاحب بحر العروض لکھتے ہیں :

• مفاعلتن کہ بسبب عصب کے لام اس کا ساکن ہو کر اور بسبب قبض کے گر کر مفاعتن رہا اس کو مفاعلن سے بدل لیا اب اس کے میم کو بسبب خرم کے گرا کر فاعلن کر لیں تو اس صورت میں اس زحاف کو جمم کہیں گے۔ اس طرح یہ ایک رکن میں عصب، قبض اور خرم کا اجتماع ہے۔ یہ زحاف بحر وافر میں آتا ہے۔[3]

بزمی انصاری کہتے ہیں :-

---

[1] سید غلام حسنین قدر بلگرامی۔ قواعد العروض ص ۵۵

[2] بحر الفصاحت۔ ص ۱۳۳

[3] بحوالہ بزمی انصاری (اینالوی)۔ امیر العروض ص ۲۲

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

"حضرت شاداں بلگرامی، صاحب بحر العروض کے قول سے متفق ہیں؟" [1]

میں اول الذکر یعنی قادر بلگرامی کی رائے سے اتفاق کرتا ہوں۔

۵۔ **خَبْل** یہ خبن اور طے کا اجتماع ہے۔ مَفْعُولَاتُ سے بسبب خبن ف اور بسبب طے واؤ گر کر مَعُلَاتُ باقی رہا جس کو فَعِلَاتُ میں بدل لیا۔ جس رکن میں خبل آئے اس کو مخبول کہتے ہیں۔

۶۔ **خَرْب** اجتماع خرم و کف کو خرب کہتے ہیں۔ رکن مزاحف کو اخرب کہتے ہیں۔ مَفَاعِیْلُنْ سے میم بسبب خرم اور نون بسبب کف کے گرا دیں تو فاعیلُ (لام مضموم) باقی رہے گا جس کی جگہ مفعولُ رکھ لیتے ہیں۔ یہ زحاف صدر و ابتدا سے مخصوص ہے لیکن اردو فارسی میں درمیان مصرعے بھی استعمال کر لیتے ہیں۔ بحر ہزج اور مضارع میں یہ زحاف واقع ہوتا ہے۔

۷۔ **خَزْل** اضمار اور طے کے اجتماع کو خزل کہتے ہیں۔ اور اس کا رکن مزاحف مخزول کہلاتا ہے۔ مُتَفَاعِلُنْ سے بسبب اضمار ت ساکن ہو کر مُتْفَاعِلُنْ ہو گیا۔ اور طے سے اس کا چوتھا حرف گرنے کے بعد مُتْفَعِلُنْ رہا جس کو مفتعلن سے بدل لیتے ہیں۔

یہ زحاف بحر کامل میں واقع ہوتا ہے۔

۸۔ **خَلْع** خبن اور قطع کے اجتماع کا نام خلع ہے۔ خلع کو تخلیع بھی کہتے ہیں۔ جس رکن میں خلع ہو اس کو مخلوع یا مخلّع کہتے ہیں۔ پس مُسْتَفْعِلُنْ سے بسبب خبن کے سین گر گیا اور

---

[1] بحوالہ بزمی انصاری (ایا لوی)۔ امیر العروض ص ۲۳

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بسبب قطع کے نون گر کر لام ساکن ہو گیا تو مُسْتَفْعِلْ رہ گیا جس کو فعولن میں بدل لیا۔
فاعلن سے بسبب خبن کے الف گر گیا اور بسبب قطع کے نون گر کر لام ساکن ہو گیا تو فَعِلْ رہا۔

یہ زحاف بحر رجز، متدارک، بسیط، مقتضب اور جدید میں آتا ہے۔

۹۔ مرابع

اس زحاف کو مختلف طرح سے بیان کرتے ہیں۔

(ا) خبن + بتر = ربع

(ب) خبن + حذف + قطع = ربع

(ج) طمس + خذف = ربع

(د) خبن + درس + حذف = ربع

ان چاروں صورتوں میں مزاحف رکن فَعَلْ ہی ہوتا ہے جس کو مربوع کہتے ہیں۔
یہ زحاف وہاں واقع ہوتا ہے جہاں آخر مصاریع پر وتد مجموع دو سبب کے درمیان ہو۔ یعنی فاعلاتن میں پہلی صورت میں فاعلاتن سے بسبب خبن ف کے بعد کا الف گر گیا۔ اور بتر کے سبب آخر کا سبب تن اور درس سے پہلا الف گر گئے اور لام ساکن ہو گیا۔ تو فَعِلْ باقی رہا۔ اس کو مخبون محذوف مقطوع یا مطموس محذوف یا مخبون مدروس محذوف بھی کہہ سکتے ہیں۔

یہ زحاف بحر رمل، مجتث، خفیف اور قریب میں آتا ہے اور عروض و ضرب سے مخصوص ہے۔
یہ زحاف شمس ابن قیس کا ایجاد کردہ ہے۔

۱۰۔ نزائل

اس زحاف کے بارے میں حکیم محمد نجم الغنی خاں لکھتے ہیں۔
"زلل اجتماع خرم و ہتم کو کہتے ہیں پس مفاعیلن سے بسبب خرم کے فاعیلن اور بسبب ہتم کے فاع باقی رہ گیا۔"[۱]

۱۔ بحر الفصاحت۔ ص ۱۴۳

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قدر بلگرامی اس کو صریحاً غلط بتاتے ہوئے کہتے ہیں:-

"ہتم ہمیشہ عروض و ضرب کے واسطے خاص ہے اور خرم ہمیشہ صدر و ابتدا کے لئے مخصوص ہے۔ پس دونوں کیونکر یک جا ہوں گے جیسے کوئی انسان کا سر پاؤں کے موزوں پر جوڑ جائے اور اس کا نام آدمی رکھے تو سارا دھڑ کیا جائے گا"۔ [1]

لہٰذا قدر بلگرامی محقق طوسی کی رائے سے اتفاق کرتے ہوئے زلل کو ہتم و تخبیق کا اجتماع تسلیم کرتے ہیں یعنی جس رکن آخر کے آخر میں دو سبب خفیف سے پہلے ایک وتد مجموع ہو تو پہلے سبب آخر کو گرانا اس کے بعد سبب اول سے ساکن گرا کر اس کے متحرک حرف کو ساکن کرنا اور پھر بعمل تخبیق وتد مجموع کے متحرک حرف اول کو لبسبب کف ماقبل و توالی سہ حرکات ساکن کرنا۔ اس طرح مفاعیلن سے پہلے لن کو گرایا تو مفاعی رہا پھر سبب اول ی کی یے کو گرا کر ع کو ساکن کر دیا تو مفاعْ باقی رہا مفاع میں م کو گرانا خرم ہوگا جس کو خرم نہ کہہ کر تخبیق کا عمل کہا گیا تو اس صورت میں یہ مجتث ازل ہوگا۔

"مؤلف مستہام کے قیاس میں عمل محقق بہت صحیح ہے ظاہر ہے کہ رکن اہتم ہمیشہ رکن مکفوف کے بعد آتا ہے اس صورت میں کف کا اخیر اور ہتم کی ابتدا میں تخبیق کر کے اس کا نام زلل رکھا"۔ [2]

جس رکن میں زلل ہو اس کو ازل کہتے ہیں۔ یہ عروض و ضرب کے لئے مخصوص ہے بحر ہزج اور مشاکل میں واقع ہوتا ہے لیکن اردو میں یہ زحاف قلیل الاستعمال ہے۔

۱۱۔ شَتَر رکن مفاعیلن میں خرم اور قبض کے اجتماع کا نام شتر ہے یعنی میم لبسبب خرم کے اور ی لبسبب قبض کے گرا دیں تو مزاحف رکن فاعلن باقی رہ جاتا ہے۔ اس رکن مزاحف کا نام اَشتَر ہے جو صدر اور ابتدا کے لئے مخصوص ہے لیکن اگر یہ رکن

---

[1] قواعد العروض۔ ص ۵۵ [2] ایضاً

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مزاحف درمیان مصرع میں پایا جائے تو ایک مکفوف اور ایک مقبوض میں تخنیق ہونے کی وجہ سے مجتث سمجھنا چاہئے۔

یہ زحاف بحر ہزج اور مضارع میں واقع ہوتا ہے۔

۱۲۔ شَکل

کف اور خبن کے نام کو شکل کہتے ہیں۔ جب رکن کے جزو اول اور سوم اسباب خفیفہ ہوں تو پہلے اور تیسرے جزو سے ساکن حروف کو گرا دینا۔ شکل والے رکن کو مشکول کہتے ہیں پس فاعلاتن سے بسبب کف نون گر گیا اور بسبب خبن فا کا الف گرنے کے بعد فعلاتُ باقی رہا۔

یہ زحاف بحر رمل، مدید، خفیف اور مجتث میں آتا ہے۔

۱۳۔ عُقص

صاحب بحر الفصاحت کے نزدیک:-

"عقص عبارت ہے اجتماع خرم ونقص سے پس بسبب خرم کے مفاعلتن سے میم گرا کر اور بسبب نقص کے لام ساکن ہوکر نون حذف ہوا فاعلتُ بضم تا رہ گیا اس کی جگہ مفعول بضم لام لے آئے"۔ [۱]

لیکن خرم ایسے رکن سباعی (سات حرفی) میں آتا ہے جس میں سبب ثقیل نہ ہو اس لئے یہ مفاعلتن میں واقع نہیں ہو سکتا۔ یہی وجہ ہے کہ قدر بلگرامی نے عقص کی تعریف اس طرح بیان کی ہے:-

"یہ (عقص) نقص بصاد مہملہ وعضب بضاد معجمہ کے اجتماع کا نام ہے اور صدر وابتدا کے واسطے مخصوص ہے جس رکن میں پہلے وتد مجموع پھر سبب ثقیل پھر سبب خفیف ہو تو اس کے حرف پنجم کو ساکن کرنا اور حرف ہفتم اور اول کو ساقط کرنا۔ جس رکن میں

---

[۱] بحر الفصاحت۔ ص ۱۳۳

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عقص واقع ہو اس کو اعقص کہتے ہیں" [1]

لہذا مفاعلتن میں نقص کے سبب لام ساکن ہوا اور نون گر گیا تو مفاعلتْ باقی رہا اور بسبب عضب میم ساقط ہو گیا تو فاعلتْ رہ گیا جس کو مفعولُ سے بدل لیا۔

یہ زحاف بحر وافر سے مختص ہے۔

۱۴۔ عَقَلْ عصب وقبض کے اجتماع کا نام عقل ہے۔ رکن مفاعلتن کا حرف پنجم لام بسبب عصب کے ساکن ہوا اور بسبب قبض کے گر گیا تو مفاعتن رہا جس کو مفاعلن میں بدل لیا۔ یہ مزاحف رکن معقول کہلاتا ہے۔ اور بحر وافر سے مختص ہے۔

۱۵۔ قَصْم مفاعلتن میں خرم اور عصب کے اجتماع کو قصم کہتے ہیں اور رکن مزاحف اقصم کہلاتا ہے۔ مفاعلتن سے بسبب خرم کے میم گر گیا اور بسبب عصب کے لام ساکن ہوا تو فاعلتن رہ گیا جس کو مفعولن میں بدل لیا۔ یہ زحاف بحر وافر سے مخصوص ہے اور اوائل مصاریع میں آتا ہے۔

۱۶۔ قَطْف رکن مفاعلتن میں عصب و حذف کے اجتماع کا نام قطف ہے۔ اس کے مزاحف رکن کو مقطوف کہتے ہیں۔ مفاعلتن کا لام بسبب عصب کے ساکن ہو گیا اور آخر کا سبب خفیف یعنی تن بسبب حذف کے گر گیا تو مفاعلْ رہ گیا اس کی جگہ فعولن رکھ لیا۔

یہ زحاف بھی بحر وافر سے مختص ہے۔ اور ہمیشہ اواخر مصاریع میں آتا ہے۔

---

[1] قواعد العروض۔ ص ۵۰

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۱۷۔ نَحَر اس زحاف کے بارے میں بھی اختلاف رائے ہے۔ حکیم محمد نجم الغنی لکھتے ہیں:

"نحر عبارت ہے بعد جدع کے اسقاط الف سے یعنی مَفعُولَاتُ بسبب جدع کے لات بسکون تا رہا اور اس سے الف ساقط ہوا تو لَتْ رہ گیا اس کو فَعْ سے بدل لیا۔" [1]

لیکن موصوف نے یہ تصریح نہیں کی کہ الف کیوں ساقط کیا گیا۔ الف کو ساقط کرنے میں کس اصول یا زحاف کو کام میں لایا گیا۔

مولانا سیفی اپنی تصنیف "عروض سیفی" میں کہتے ہیں کہ "نحر جدع اور کشف کا اجتماع ہے۔" جدع مفعولاتُ مجدوع ہو کر لاتْ (بسکون تا) رہ جائے گا اور کشف سے مراد رکن کے آخر میں وتد مفروق کے متحرک دوم کو گرانا۔ جب لاتْ وتد مفروق ہی نہیں تو پھر کشف کا عمل تْ (ساکن) پر کس طرح ہوگا۔ لہٰذا یہ اجتماع نقیضین ہے۔

اس سلسلے میں قدر بلگرامی محقق طوسی کے عمل کو قابل ترجیح سمجھتے ہیں۔ محقق طوسی کے نزدیک اجتماع صلم و حذف کا نام نحر ہے۔ یعنی جس رکن کے آخر میں وتد مفروق ہو اس کو گرا دینا اور پھر بقیہ رکن سے ایک سبب خفیف آخر گرا دینا۔ [2]

اس طرح مفعولاتُ سے بسبب صلم وتد مفروق لاتُ گر جائے گا اس کے بعد باقی رکن مَفعُو سے بسبب حذف عُو سبب خفیف گر کر مَفْ رہے گا جس کو فَعْ میں بدل لیں گے۔

نحر والے رکن کو منحور کہتے ہیں۔

۱۸۔ نَقْص اجتماع عصب و کف کو نقص کہتے ہیں۔ مُفَاعَلَتُن میں عصب کے سبب لام ساکن ہوا اور کف کے سبب نون گر گیا تو مُفَاعَلْتُ باقی رہا جس کو مَفَاعِيلُ (لام مضموم) سے بدل لیتے ہیں۔ اس کے مزاحف رکن کو منقوص کہتے ہیں۔

---

[1] بحر الفصاحت۔ ص ۱۳۲ [2] قواعد العروض۔ ص ۵۳

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

یہ زحاف بحرِ وافر سے مختص ہے۔

۱۹۔ وَقْص رکن مُتَفَاعِلُن میں اضمار اور خبن کے اجتماع کو وقص کہتے ہیں۔ اضمار سے مُتْفَاعِلُن کی ت ساکن ہوئی اور خبن سے اس کو گرا دیا تو مفاعلن باقی رہا۔ جس رکن میں وقص آتا ہے اس کو موقوص کہتے ہیں۔ یہ زحاف بحرِ کامل سے مختص ہے۔

۲۰۔ خَتْم مَفَاعِیلُن میں حذف و قصر کا نام ختم ہے۔ مفاعیلن سے لُن سبب خفیف گرا کر سبب قصر یائے تحتانی کو گرا دیتے ہیں اور عین کو ساکن کرتے ہیں اس طرح مفاع باقی رہ جاتا ہے جس کو فعول (لام ساکن) سے بدل لیتے ہیں۔ رکن مزاحف اختم کہلاتا ہے۔ یہ زحاف بحرِ ہزج سے مختص ہے اور مصرعے کے آخر میں آتا ہے۔

احکام

۱۔ مُکَانَفَہ جب دو سبب خفیف ایک ساتھ جمع ہو جائیں خواہ ایک رکن کے جیسے مفاعیلن میں عیلن یا مستفعلن میں مُسْتَف خواہ دو رکن کے جیسے فاعلاتن فاعلاتن کا درمیانی تن فا۔ اگر ان دونوں سببوں کے دونوں ساکنوں کو ایک ساتھ گرانا جائز ہو یا ان دونوں ساکنوں میں ایک کو گرا دینا اور ایک کو بحال رکھنا ایک ساتھ جائز ہو یا ان دونوں ساکنوں کو ایک ساتھ بحال رکھنا جائز ہو تو ان تینوں حکموں کا الگ الگ نام مکانفہ ہے۔ مکانفہ زحاف کا نام نہیں ہے بلکہ ایک حکم کا نام ہے۔

مکانفہ بحرِ سریع، منسرح، بسیط اور رجز میں واقع ہوتا ہے۔

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۲۔ مُعاقبہ جب دو سبب کے دو ساکن ایک ساتھ جمع ہو جائیں اور ان دونوں ساکنوں کو ایک ساتھ گرانا جائز نہ ہو تو اس وقت غور کرنا چاہیئے کہ دونوں ساکنوں کو بحال رکھنا جائز ہے یا نہیں۔ اگر ان دونوں کو بحال رکھنا جائز ہو اور دونوں میں سے کسی ایک کو گرانا بھی جائز ہو تو اس کو معاقبہ کہتے ہیں۔ مثلاً مفاعیلن کے دونوں اسباب کے ساکنوں کو بحال رکھتے ہوئے مفاعیلن سالم کہیں یا نون ساکن کو گرا کر مفاعیلُ کہیں یا یے ساکن کو گرا کر مفاعِلن کہیں۔ اسی طرح فاعلاتن فاعلاتن کے درمیانی دو سببوں تُن فا کو یا تو تن فا پڑھیں یا تَ فا یا تن فَ پڑھیں۔

معاقبہ زحاف کا نام نہیں بلکہ یہ بھی ایک حکم کا نام ہے۔ معاقبہ بحر منسرح، رمل، وافر، ہزج، خفیف، مجتث، الطویل، کامل اور مدید میں واقع ہوتا ہے۔

مُراقبہ جب دو سبب خفیف کے دو ساکن ایک ساتھ جمع ہو جائیں تو ان کے دونوں ساکنوں کو ایک ساتھ گرانا اور ایک ساتھ بحال رکھنا جائز نہ ہو تو ظاہر ہے ایسی صورت میں ایک ساکن کو گرانا اور ایک کو بحال رکھنا ضروری ہے۔ اسی کا نام مُراقبہ ہے۔ مثلاً مفاعیلن سے اگر یائے تحتانی ساکن کو گرایا جائے تو نون بحال رہے گا اور نون ساکن کو گرایا جائے تو یائے تحتانی بحال رہے گی یعنی مفاعیلن میں ی اور ن کا ایک ساتھ گرانا جائز نہیں۔

مراقبہ بھی زحاف نہیں ایک حکم کا نام ہے۔ یہ حکم مفاعیلن، مفعولاتُ اور مستفعلن کے لئے خاص ہے اور بحر قریب، مشاکل، ہزج، الطویل، مضارع اور مقتضب میں واقع ہوتا ہے۔

مذکورہ زحافات میں سے چند ہی زحافات ایسے ہیں جو اردو شاعری میں بالعموم اور بکثرت مستعمل ہیں۔ ان کو ہم تین حصوں میں منقسم کر سکتے ہیں۔

(۱) وہ زحافات جو بیت میں ہر مقام پر آ سکتے ہیں اور ان کے لئے بیت میں کوئی خاص جگہ مقرر نہیں ہوتی۔ اس قسم کے صرف چھ زحاف لئے جاتے ہیں۔ (۱) خبن (۲) طے (۳) قبض۔

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(۴) کف (۵) خبل (۶) شکل یہ عام طور پر کاف، شکل اور خبل عروض و ضرب میں نہیں آتے ہیں۔ جو زحافات بیت میں کسی خاص مقام سے خصوصیت نہیں رکھتے ہیں ان کو عام زحافات کہا جاتا ہے۔

(۲) وہ زحافات جو بیت میں صدر و مطلع کے لئے مخصوص ہیں وہ عام طور پر صرف پانچ ہیں (۱) ثلم (۲) خرب (۳) خرم (۴) شتر (۵) ثرم۔

لیکن اردو شاعری میں یہ ضروری نہیں سمجھا جاتا کہ ان پانچوں زحافات کو صرف مطلع میں ہی لایا جائے بلکہ ان کو حشو اور یہاں تک کہ عروض و ضرب میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ بات الگ ہے کہ ان میں تخنیق سے کام لینا پڑے جیسے کہ خرم کو جب بجائے صدر کے حشو میں لاتے ہیں تو اس کو خرم نہ کہہ کر تخنیق کہتے ہیں اور رکن مزاحف کو مخنق سے تعبیر کرتے ہیں۔

اگرچہ یہ پانچ زحاف بیت میں صدر و مطلع سے خصوصیت رکھنے کے سبب خاص زحافات کہلائیں گے لیکن اردو عروض میں وہ عام زحافات ہی ہیں۔ اس طرح اردو عروض میں گیارہ عام زحافات ہوئے۔

(۳) وہ زحافات جو بیت میں عروض و ضرب سے مخصوص ہیں ان کی تعداد تقریباً تیرہ ہے۔
(۱) اذالہ (۲) ترفیل (۳) تسبیغ (۴) تشعیث (۵) بتر (۶) حذف (۷) حذذ
(۸) خلع (۹) صلم (۱۰) قصر (۱۱) کسف (۱۲) قطع (۱۳) وقف۔

یہ زحافات عروض و ضرب سے خصوصیت رکھنے کے باعث خاص زحافات کہلاتے ہیں لیکن اردو شعراء نے جہاں کسی وزن کو مسمط چہار خانہ میں استعمال کیا ہے وہاں وہ ان زحافات کو حشو میں بھی لے آتے ہیں۔ لہٰذا اس صورت میں ان کو عام زحافات میں شمار کرنا پڑے گا۔

---

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہندی پنگل کی مبادیات

اس میں کوئی شک نہیں کہ اردو عروض کی بنیاد عربی اور فارسی عروض پر قائم ہوئی لیکن جب ہم اردو شاعری کا تاریخی جائزہ لیتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ اردو شاعری کا آغاز دوہوں، دوہروں، چوپائی، چوبولے، رولا، کنڈلی، کبت اور سویا جیسے ہندی چھندوں کے استعمال سے ہوا۔ اردو زبان پر جب فارسی کا غلبہ ہوا تو فارسی شاعری میں مستعمل بحروں کے وہ اوزان جو دیسی زبانوں کے اوزان شاعری سے ہم آہنگ تھے اور اردو زبان کے مزاج کے موافق تھے ان کو اردو شاعری میں استعمال کیا گیا۔ اردو شعراء نے عربی فارسی کی بحروں میں ترمیم و تنسیخ کر کے انھیں اردو شاعری کے قالب میں ڈھال لیا۔ اس طرح اردو شاعری کا اپنا ایک الگ عروض وجود میں آیا جس کی طرف عروض دانوں نے ابھی تک بہت کم توجہ دی ہے اور اردو کا اپنا الگ کوئی عروض متعین نہیں ہو سکا۔ یہی وجہ ہے کہ جب اردو شاعری کا عروضی تجزیہ کیا جاتا ہے تو بہت سے ایسے اشعار سامنے آتے ہیں جو عربی یا فارسی عروض کی کسوٹی پر پورے نہیں اترتے اور ان کو یا تو خارج از بحر قرار دے دیا جاتا ہے یا ان کو بے وزن کہہ کر کسی نئے تجربے پر محمول کیا جاتا ہے۔ وہ اس بات کو فراموش کر دیتے ہیں کہ اردو زبان ہندوستان میں پیدا ہوئی ہے اور یہیں کی آب و ہوا اور یہیں کے ماحول میں اس کی نشو و نما ہوئی اور اردو شاعری نے بھی اسی دیس میں جنم لیا ہے اور وہ اسی کی بو باس اور اسی کے ماحول کا پروردہ ہے۔ لہٰذا اردو زبان جو آریائی زبان کی ایک شاخ ہے وہ ہندوستان کی مختلف دیسی زبانوں کے اوزان و آہنگ سے متاثر ہوئے بغیر کیسے رہ سکتی ہے۔ اردو زبان کا دامن بہت وسیع ہے۔ اس نے اپنے اندر بہت سی زبانوں اور بولیوں کے اثرات کو سمو لیا ہے۔ اردو عروض پر سب سے زیادہ اثرات ہندی پنگل کے پڑے ہیں۔ دورِ قدیم سے لے کر دورِ حاضر تک اردو شعراء ہندی پنگل کے چھندوں کے اوزان میں بھی شاعری کرتے چلے آئے ہیں عربی اور فارسی

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کا کتنا ہی بڑے سے بڑا ماہر عروض داں کیوں نہ ہو وہ اس وقت تک اردو شاعری کا عروضی تجزیہ نہیں کر سکتا جب تک وہ ہندی پنگل کے اصول و ضوابط اچھی طرح واقفیت حاصل نہ کرے۔ لہٰذا اردو شاعری کا عروضی تجزیہ کرنے کے لئے ضروری ہے کہ ہندی پنگل کی مبادیات کو بھی پیشِ نظر رکھا جائے۔ اسی غرض سے یہاں ہندی پنگل کی مبادیات کو مختصر طور پر پیش کیا جاتا ہے تاکہ اردو شاعری میں مستعمل ہندی چھندوں کے اوزان کو سمجھنے اور ان کا تجزیہ کرنے میں مدد مل سکے۔

پنگل ہندی کے علم عروض کو ہندی پنگل سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ ہندی پنگل کا اصل ماخذ سنسکرت کا چھند شاستر ہے جس کا آغاز پنگل رشی کی تصنیف "پنگل چھند سوتر" سے ہوا۔ پنگل چھند سوتر کی تالیف کا زمانہ دو سو سال قبل مسیح سمجھا جاتا ہے[1]۔ پنگل، چھند شاستر اور علم عروض مترادف الفاظ ہیں۔

چھند ماتراؤں یا ورنوں کی ترتیب، ان کی گتی (چال) یا آہنگ، وشرام (وقفہ) کے اصولوں کو جس شعری تخلیق میں ملحوظ رکھا جاتا ہے وہ چھند کہلاتا ہے[2]۔ چھند دو قسم کے ہوتے ہیں۔

۱۔ ماترک یا ماترائی چھند

۲۔ ورنک چھند یا ورت

ماترائی چھند جس چھند میں ماتراؤں کی تعداد ان کی ترتیب اور وقفے کے لحاظ

۱؎ بحوالہ ڈاکٹر جگدیش گپت، ہندی ساہتیہ کوش۔ گیان منڈل بنارس جلد اول ص ۲۵۱

۲؎ جگناتھ پرشاد بھانو۔ چھند پربھاکر۔ ص ۱

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سے اس کا وزن متعین کیا جاتا ہے۔ اسے ماترک۔ یا ماترائی چھند کہتے ہیں۔

وَرنِک وِرت | جس چھند میں وَرنوں یا وَرنک گنوں کی تعداد ترتیب اور وقفے کے لحاظ سے اس کا وزن متعین کیا جاتا ہے اس کو ورنک چھند کہتے ہیں۔

ہر ایک چھند کے چار چرن یا پاد ہوتے ہیں۔

پاد یا چرن | کسی چھند کے مخصوص وقفے (وشرام یا یتی) پر ختم ہونے والی پوری سطر کو اس کا چرن کہتے ہیں۔ چرن، پد یا پاد مترادف الفاظ ہیں۔[1]

وِشم چرن | چھند کے چار چرنوں میں سے پہلے اور تیسرے چرن وِشم چرن کہلاتے ہیں۔ جن کو ہم طاق مصرعے کہہ سکتے ہیں۔

سَم چرن | چھند کے دوسرے اور چوتھے چرن کو سَم چرن کہتے ہیں جن کو جفت مصرعے بھی کہا جا سکتا ہے۔

سَم چھند | جس چھند کے چاروں چرنوں (مصرعوں) کا وزن اور آہنگ یکساں ہو انھیں سَم چھند کہتے ہیں۔ سم چھند کو مساوی چھند بھی کہہ سکتے ہیں۔

اَردھ سَم چھند | جس چھند کے وِشم چرن (طاق مصرعے) اور سَم چرن (جفت مصرعے) الگ الگ وزن اور آہنگ میں یکساں ہوں وہ اردھ سم چھند (نیم مساوی) کہلاتا ہے۔

---

[1] ہندی ساہتیہ کوش۔ جلد اول۔ گیان منڈل بنارس۔ ص ۲۸۶

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وِشم چھند | جس چھند کے چاروں چرنوں (مصرعوں) میں وزن اور آہنگ کے اعتبار سے کوئی یکسانیت نہ ہو اس کو وشم چھند (غیر مساوی) کہتے ہیں۔

ڈنڈک | جس چھند کے ہر ایک چرن میں بیس ماتراؤں سے زیادہ ماترائیں ہوں یا چھبیس اکشروں یا ورنوں سے زیادہ ورن یا اکشر ہوں وہ ڈنڈک کہلاتا ہے۔

ماترا | عروض کی اصطلاح میں ایک خفیف حرفِ علت کے تلفظ کو ادا کرنے میں جتنا وقت لگتا ہے، وقت کی اس اکائی کو ماترا کہتے ہیں۔ جیسے: اَ میں ایک ماترا اور آ میں دو ماترائیں ہیں۔ ماترا کو مت، متا، کل اور کالا بھی کہتے ہیں۔[1]

وَرن یا اکشر | حرف کی تحریری شکل کو ورن یا اکشر کہتے ہیں۔ یہ دو طرح کے ہوتے ہیں (۱) لگھو۔ (۲) گرو۔

لگھو وَرن | ایک ماترا والے حرف کو لگھو ورن کہتے ہیں۔ لگھو ورن، ہرسو ورن یا ہرسو اکشر بھی کہلاتا ہے۔ جیسے اَ، پ، گُ وغیرہ۔ ہندی عروض میں اس کی علامت (ا) ہے۔

گرُو وَرن | لگھو ورن یا خفیف حرفِ علت سے دو چند ماترا والے حرف کو گرُو ورن

---

[1] وی۔ ایس۔ آپٹے۔ سنسکرت انگلش ڈکشنری ص ۴۳۳
بحوالہ ڈاکٹر وسیع اللہ اشرفی۔ اردو اور ہندی کے جدید مشترک اوزان
مطبوعہ انجمن ترقی اردو، پاکستان۔ کراچی۔ ص ۳

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کہتے ہیں۔ گرو ورن کو دیرگھ ورن یا دیرگھ اکشر بھی کہتے ہیں۔ جیسے آ۔ با۔ جا۔ کے۔ پی وغیرہ۔

پلُت وَرن — یہ تین ماتراؤں والا ایک ایسا ورن ہوتا ہے جس میں ایک گرو اور ایک ساکن لگھو ہوتے ہیں لیکن ساکن لگھو کو شمار نہ کرکے اس کو گرو اکشر کے برابر ہی شمار کیا جاتا ہے۔ جیسے لفظ بھُویت میں بھُ + وَیْت ہیں۔ اس میں ' ویْت ' پلُت ماترا ہے۔ ویت کا ت ساکن شمار نہیں کیا جائے گا۔ ویت = وے کو گرو ماترا میں شمار کرلیا جائے گا۔[1] اس کو ہم مخلوط حرف بھی کہہ سکتے ہیں۔ یعنی سنکیت اکشر۔

اَردھ ماترا — اردھ یعنی نصف ماترا کو عروض میں شمار نہیں کیا جاتا لیکن اس کا یہ عمل ہوتا ہے کہ وہ اپنے ماقبل لگھو حرف کو گرو بنا دیتی ہے۔ جیسے تختی میں خ ساکن نصف ماترا ہے وہ اپنے ماقبل تَ کے ساتھ مل کر تَ کو گرو بنا دے گی یعنی تخ (بسکون خ) گرو ماترا میں شمار کیا جائے گا۔ اگر نصف ماترا کا زور اپنے ماقبل پر نہیں ہوتا تو وہ اپنے آگے آنے والے حرف کے ساتھ ضم ہو جاتی ہے جیسے کمھار میں م ساکن نصف ماترا ہے اس کا زور کُ پر نہیں اس لئے وہ ھا کے ساتھ ضم ہو جائے گی۔ یعنی کُ مھار پڑھا جائے گا۔ اردو میں اب۔ جب۔ گھر۔ کرُ۔ غم۔ گل وغیرہ گرو ماترا میں شمار کئے جاتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ اردو میں یہ ضروری نہیں کہ جب کوئی حرف صحیح کسی حرف علت کے ساتھ ملے تب ہی اس کو گرو شمار کیا جائے گا بلکہ اگر دو حروف صحیح اس طرح مل کر آئیں کہ پہلا حرف متحرک ہو اور دوسرا ساکن تو وہ دونوں حرف مل کر گرو ہو جائیں گے۔

---

[1] جگن ناتھ پرساد بھانو۔ چھند پربھاکر۔ ص ۳

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

وَرنک گَن | تین ورنوں کے مجموعے کو ایک وَرنک گن کہتے ہیں۔ ورنک گن آٹھ قسم کے ہوتے ہیں۔

نمبر شمار	نام ورنک گن	ترتیب لگھو گرو	علامت ہندی	ہم وزن رکن	تعداد حروف
۱	نَگَن	ل ل ل	III	فَعِلَ	۳
۲	سَگَن	ل ل گ	IIS	فَعِلُن	۴
۳	جَگَن	ل گ ل	ISI	فَعُولُ	۴
۴	بَھگَن	گ ل ل	SII	فاعِلُ	۴
۵	رَگَن	گ ل گ	SIS	فاعِلُن	۵
۶	تَگَن	گ گ ل	SSI	مَفعُولُ	۵
۷	یَگَن	ل گ گ	ISS	فَعُولُن	۵
۸	مَگَن	گ گ گ	SSS	مَفعُولُن	۶

ل = لگھو (I) ، گ = گرو (S)

ماترائی گن

کَل | ایک ماترا کو کل کہتے ہیں۔ ماتراؤں کا مجموعہ ماترائی گن کہلاتا ہے۔ ماترائی گن

www.KitaboSunnat.com

بھی کہتے ہیں۔ یہاں بھی صرف وہی ماترائی گن پیش کئے جاتے ہیں۔
جو عام طور پر اردو یا ہندی شاعری میں استعمال ہوتے ہیں۔

دوکل دو حرفی رکن کو دوکل کہتے ہیں۔ دوکل کو دُگن بھی کہتے ہیں۔ یہ دو قسم کے ہوتے ہیں:۔
(۱) ایک گرو یا دو لگھو پہلا متحرک دوسرا ساکن۔ اس کو خفیف بھی کہہ سکتے ہیں جیسے فا یا فع
(۲) دو لگھو ماترائیں اور دونوں متحرک۔ اس کو سبب ثقیل کے برابر سمجھنا چاہئے جیسے فَعِ۔

ترکل تین حرفی رکن کو ترکل کہتے ہیں۔ اس کا دوسرا نام ڈھگن ہے۔ اس کی تین شکلیں ہیں:۔
(۱) تین لگھو ماترائیں اور تینوں متحرک جیسے فَعِلَ
(۲) ایک گرو اور ایک لگھو ماترا یا تین لگھو ماترائیں پہلی متحرک دوسری ساکن اور متحرک جیسے فاع۔ (وتد مفروق)
(۳) ایک لگھو اور ایک گرو یا تین لگھو ماترائیں پہلا اور دوسری متحرک اور تیسری ساکن جیسے فعَل۔ (وتد مجموع)

چوکل چار حرفی رکن کو چوکل کہتے ہیں۔ چوکل کو ڈگن بھی کہتے ہیں۔ چوکل پانچ قسم کے ہوتے ہیں:۔
(۱) چار لگھو ماترائیں اور چاروں متحرک جیسے فَعِلَتُ
(۲) ایک گرو اور دو لگھو یا چار لگھو ماترائیں پہلی متحرک دوسری ساکن تیسری اور چوتھی متحرک جیسے فَاعِلُ

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(۳) دو لگھو اور ایک گرو یا چار لگھو ماترائیں پہلی، دوسری اور تیسری متحرک اور چوتھی ساکن جیسے فَعِلُن = (فاصلۂ صغریٰ)

(۴) ایک لگھو ایک گرو پھر ایک لگھو یا چار لگھو ماترائیں پہلی اور دوسری متحرک تیسری ساکن اور چوتھی متحرک جیسے فَعُولُ۔

(۵) دو گرو یا چار لگھو ماترائیں پہلی اور تیسری متحرک دوسری اور چوتھی ساکن جیسے فَعْلُن۔

پنچ کل پانچ حرفی رکن کو پنچ کل کہتے ہیں۔ پنچ کل کا دوسرا نام خُمَاسی ہے اس کی آٹھ شکلیں ہیں:-

(۱) پانچ لگھو ماترائیں اور پانچوں متحرک (اردو میں غیر مستعمل)

(۲) تین لگھو ماترائیں اور ایک گرو یا پانچ لگھو ماترائیں ابتدائی چار متحرک اور پانچویں ساکن جیسے فَعِلَتُن = فاصلۂ کبریٰ)

(۳) دو لگھو ماترائیں ایک گرو پھر ایک لگھو یا پانچ لگھو ماترائیں ابتدائی تین اور پانچویں متحرک اور چوتھی ساکن جیسے فَعِلَاتُ۔

(۴) ایک لگھو ایک گرو پھر دو لگھو یا پانچ لگھو ماترائیں پہلی دوسری اور چوتھی پانچویں متحرک تیسری ساکن جیسے مَفَاعِلُ۔

(۵) ایک لگھو اور دو گرو یا پانچ لگھو ماترائیں پہلی دوسری اور چوتھی متحرک اور تیسری اور پانچویں ساکن جیسے فَعُولُن۔

(۶) ایک گرو تین لگھو یا پانچ لگھو ماترائیں پہلی تیسری چوتھی اور پانچویں متحرک دوسری ساکن جیسے فَاعِلَتُ۔

(۷) ایک گرو ایک لگھو پھر ایک گرو یا پانچ لگھو ماترائیں پہلی تیسری اور چوتھی متحرک دوسری اور پانچویں ساکن جیسے فَاعِلُن۔

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(۸) دو گرو اور ایک لگھو یا پانچ لگھو ماترائیں پہلی تیسری اور پانچویں متحرک اور دوسری اور چوتھی ساکن جیسے مَفعُولُ ع ۔

شَشْ کَلْ

چھ حرفی رکن کو شش کل کہتے ہیں ۔ اس کو شٹکل بھی کہا جاتا ہے۔ اس کی کل تیرہ شکلیں ہوتی ہیں لیکن یہاں پر اس کی صرف وہی شکلیں پیش کی جاتی ہیں جو اردو عروض میں بھی مستعمل ہیں ۔

(۱) تین گرو یا چھ لگھو ماترائیں پہلی ، تیسری اور پانچویں متحرک اور دوسری ، چوتھی اور چھٹی ساکن جیسے مَفعُولُن یا فَعلاتُن ۔

(۲) دو لگھو دو گرو یا چھ لگھو ماترائیں پہلی دوسری تیسری اور پانچویں متحرک اور چوتھی اور چھٹی ساکن جیسے فَعِلاتُن ۔

(۳) ایک گرو دو لگھو پھر ایک گرو یا چھ ماترائیں پہلی تیسری چوتھی پانچویں متحرک دوسری اور چھٹی ساکن جیسے مُفتَعِلُن یا فَاعِلَتُن ۔

(۴) ایک لگھو ایک گرو ایک لگھو پھر ایک گرو یا چھ ماترائیں پہلی دوسری چوتھی اور پانچویں متحرک اور تیسری اور چھٹی ساکن جیسے مَفاعِلُن ۔

(۵) ایک گرو ایک لگھو ایک گرو پھر ایک لگھو یا چھ ماترائیں پہلی تیسری چوتھی اور چھٹی متحرک دوسری اور پانچویں ساکن جیسے فَاعِلاتُ ۔

(۶) ایک لگھو دو گرو پھر ایک لگھو یا چھ لگھو ماترائیں پہلی دوسری چوتھی اور چھٹی متحرک اور تیسری اور پانچویں ساکن جیسے مَفاعِیلُ ۔

(۷) ایک لگھو دو گرو پھر ایک لگھو یا چھ ماترائیں پہلی دوسری چوتھی متحرک اور تیسری پانچویں اور چھٹی ساکن جیسے فَعُولان یا مَفاعِیل ۔

(۸) تین لگھو ایک گرو پھر ایک لگھو یا چھ ماترائیں پہلی دوسری تیسری چوتھی متحرک پانچویں اور چھٹی ساکن جیسے فَعِلاتان ۔

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سپتک | سات حرفی رکن کو سپتک کہتے ہیں۔ اس کی اکیس (۲۱) اقسام ہیں۔ لیکن مندرجہ ذیل قسم کے سپتک اردو عروض میں مستعمل سات حرفی ارکان کے مماثل ہیں :-

(۱) ایک گرو ایک لگھو پھر دو گرو یا سات لگھو ماترائیں پہلی تیسری، چوتھی اور چھٹی متحرک دوسری پانچویں اور ساتویں ساکن جیسے فاعِ لاتن یا فاعلاتن۔

(۲) دو گرو ایک لگھو اور ایک گرو یا سات لگھو ماترائیں پہلی، تیسری، پانچویں اور چھٹی متحرک دوسری، چوتھی اور ساتویں ساکن جیسے مُس تفع لُن یا مُستفعِلُن۔

(۳) ایک لگھو اور تین گرو یا سات لگھو ماترائیں پہلی، دوسری، چوتھی اور چھٹی متحرک تیسری، پانچویں اور ساتویں ساکن جیسے مَفاعیلُن۔

(۴) دو لگھو ایک گرو ایک لگھو پھر ایک گرو یا سات لگھو ماترائیں پہلی، دوسری، تیسری، پانچویں اور چھٹی متحرک چوتھی اور ساتویں ساکن جیسے مُتفاعِلُن۔

(۵) ایک لگھو ایک گرو دو لگھو پھر ایک گرو یا سات لگھو ماترائیں پہلی، دوسری، چوتھی پانچویں اور چھٹی متحرک تیسری اور ساتویں ساکن جیسے مَفاعِلَتُن۔

(۶) تین گرو اور ایک لگھو یا سات لگھو ماترائیں پہلی، تیسری، پانچویں اور ساتویں متحرک دوسری، چوتھی اور چھٹی ساکن جیسے مَفعُولاتُ۔

(۷) تین گرو اور ایک لگھو یا سات لگھو ماترائیں پہلی، تیسری، پانچویں متحرک دوسری، چوتھی، چھٹی اور ساتویں ساکن جیسے مَفعُولاتْ۔

(۸) ایک گرو دو لگھو ایک گرو پھر ایک لگھو یا سات لگھو ماترائیں پہلی، تیسری، چوتھی، پانچویں متحرک اور دوسری، چھٹی اور ساتویں ساکن جیسے مُفتَعِلاتْ۔

(۹) ایک لگھو ایک گرو ایک لگھو ایک گرو پھر ایک لگھو یا سات لگھو ماترائیں پہلی، دوسری، چوتھی، پانچویں متحرک تیسری، چھٹی اور ساتویں ساکن جیسے مَفاعِلاتْ۔

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

یتی یا بشرام چھند کے درمیان یا آخر میں قیام یا وقفہ کو بشرام یا یتی کہتے ہیں۔ اس کا اثر چھند کے مخصوص آہنگ پر پڑتا ہے۔

یتی بھنگ دوش اگر کسی چھند کے درمیان کسی مقررہ مقام پر وقفہ لا کر اور وہاں پر وقفے کو ملحوظ نہ رکھا جائے تو اس کو یتی بھنگ۔ دوش کہتے ہیں۔ اردو میں اس کو شکستِ ناروا سے تعبیر کرتے ہیں جس کو معیوب تصور کیا جاتا ہے کیونکہ یتی بھنگ دوش یا شکستِ ناروا کے عیب سے بعض اوقات چھند کا آہنگ۔ بدل سکتا یا ایک چھند دوسرے میں تبدیل ہو سکتا یا پھر اس چھند میں تعقید پیدا ہو سکتی ہے۔

ماترائیں شمار کرنے کے کچھ اصول

(۱) اگر دو لگھو ایک ساتھ آئیں اور آخری لگھو ماترا ساکن ہو تو وہ اپنے ماقبل کو گرو بنا دیتی ہے جیسے ترشنا میں ترز کو گرو مانا جائے گا۔ یعنی دو لگھو جب اس طرح آئیں کہ پہلا متحرک اور دوسرا ساکن تو دونوں لگھو ماتراؤں کو گرو میں شمار کیا جائے گا۔

(۲) اگر کسی مخلوط حرف (سنیکت اکشر) کے پہلے متحرک لگھو پر زور نہیں پڑتا تو وہ لگھو ہی رہتا ہے اور اس کے بعد آنے والا لگھو اپنے اگلے حرف کے ساتھ ضم ہو جاتا ہے۔ جیسے تمہارے میں تُ لگھو رہے گا۔ اور "م" ھا میں ضم ہو جائے گی یعنی تُ مھارے پڑھا جائے گا۔

(۳) اگر کسی لگھو حرف کے بعد نون غنہ آئے تو اس کو شمار نہیں کیا جاتا اور لگھو حرف لگھو ہی رہتا ہے۔ جیسے ہنسی میں ہ اور نون غنہ مل کر بھی لگھو میں شمار ہو گا۔

(۴) اگر متحرک لگھو حرف کے بعد نون ساکن آتا ہے تو وہ اس متحرک لگھو کو گرو بنا دیتا ہے

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جیسے شُنیہ میں شُن کو گرو شمار کیا جائے گا۔

(۵) کبھی کبھی شعر میں تقطیع کرتے وقت لگھو کو گرو اور گرو کو لگھو مان لیا جاتا ہے اس سلسلے میں جگن ناتھ پرساد بھانو نے ایک دوہا اقتباس کیا ہے۔ سہ

دیرگھ ہُو، لگھو، پڑھیں، لگھو ہو دیرگھ مان

مکھ سوں پر کھے شکھ سمپت، کو و دکرت بکھان لہ

یعنی حرف کا لگھو یا گرو ہونا صرف تلفظ پر مبنی ہے۔ جب وزن شعر کے واسطے گرو کو اشباع نہ کریں تو وہ گھٹ کر لگھو ہو جائے گا اور اگر لگھو کو کھینچ کر پڑھا جائے تو وہ گرو بن جائے۔ اس اصول کو اردو عروض میں بھی تسلیم کیا جاتا ہے۔

(۶) جب حرف 'ر' کسی مخلوط حرف کے ساتھ مصرعے کے درمیان آئے یا مصرعے کے آخر میں واقع ہو تو اس کو گرا دیا جاتا ہے جیسے 'پریم' کو 'پیم' اور 'پریت' کو 'پیت' پڑھا جائے گا۔

(۷) جب کسی مخلوط حرف میں متحرک حرف کے ساتھ 'ل' مل کر آتا ہے تو اس کو گرا دیا جاتا ہے جیسے 'کلشٹ' کو 'کشٹ' پڑھا جائے گا۔

(۸) جب کسی متحرک حرف کے ساتھ 'و' مل کر آتا ہے تو اس کو شمار نہیں کیا جاتا جیسے 'دُوار' کا میں 'و' کو گرا دیں گے اور 'دار' کا پڑھا جائے گا۔

(۹) جب کسی نصف حرف کے ساتھ 'ی' مل کر آتی ہے تو اس کو گرا دیا جاتا ہے جیسے 'کیاری' کو 'کاری' پڑھا جائے گا اور 'پیارے' کو 'پارے'۔

ماترا شماری کے ان چند اصولوں کے مطالعے سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ ہندی پنگل کے ماترا شماری کے اصول اردو کے فارسی عروض کے اصول تقطیع سے بہت کچھ مماثلت رکھتے ہیں۔

اگلے باب میں تقطیع کے اصول ملاحظہ فرمایئے۔

لہ۔ جگن ناتھ پرساد بھانو۔ چھند پربھاکر۔ ص ۲

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قواعدِ تقطیع

تقطیع تقطیع کے لغوی معنی ٹکڑے ٹکڑے کرنا ہیں۔ عروض کی اصطلاح میں کسی کلمہ شعر کو کسی رکنِ عروض سے ہم وزن اور برابر کرنے کو کہتے ہیں۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔

(۱) تقطیع غیر حقیقی (۲) تقطیع حقیقی۔

تقطیع غیر حقیقی تقطیع غیر حقیقی اس تقطیع کو کہتے ہیں جس کے ارکان سے کسی بحر کا پتا نہ لگے جیسے۔

معلّم، اتالیق، منشی، ادیب
ہر اک فن کے استاد بیٹھے قریب

کی تقطیع مندرجہ ذیل طریقے سے کی جائے۔

فعولن	مفاعیل	مستفعلان
مُعَل لِم ہَ رِک فن	آتالیق کِ اُستاد	مُن شی اَدیب بَ یٹھے قریب

فعولن مفاعیل مستفعلان کوئی بحر نہیں۔ اس لئے اس تقطیع کو تقطیع غیر حقیقی کہا جائے اور اکثر ایسا عروض سے عدم واقفیت کی وجہ سے ہوتا ہے۔

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تقطیع حقیقی تقطیع حقیقی اس کو کہتے ہیں جس میں ارکان سے کسی خاص بحر کا پتہ لگ جائے جیسے مذکورہ بالا شعر کی تقطیع اس طرح کی جائے۔

فعولن	فعولن	فعولن	فعول
مُتعلّم رہ ہ رکن فن	آتا ہی سب آتا	نَ ہُنَر شی دَ بے ...	ادیب قریب

اس تقطیع کے ارکان سے یہ پتا چلا کہ یہ ارکان بحر متقارب کے ہیں۔ لہٰذا یہ فعولن فعولن فعولن فعول بحر متقارب مثمن مقصور ہے۔ اسی کو تقطیع حقیقی کہا جائے گا۔

تقطیع حقیقی کی مندرجہ شکلیں ہیں:-

۱۔ شعر کے ایک ایک بامعنی کلمے کو کسی رکن کے برابر کر لیا جائے جیسے

مصرعہ: حقیقت / یہی ہے / اگر تم / سمجھ لو

= فعولن / فعولن / فعولن / فعولن

۲۔ شعر کے ایک کلمے کا ایک جز ایک رکن میں دوسرا جز دوسرے رکن میں ملا کر برابر کر لینا جیسے

مصرعہ: کھڑے شاخ در شاخ باہم نہاں

کھڑے شا	خ در شا	خ باہم	نہاں
فعولن	فعولن	فعولن	فعول

۳۔ شعر کے کلمے میں بلحاظ تلفظ اپنی طرف سے مقررہ قاعدے کے مطابق کوئی حرف بڑھا…

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کے رکن کے برابر کر لینا جیسے

ع نہیں منت کشِ تابِ شنیدن داستاں میری

نہی من نت	کشے تابے	شنی دن دا	ستا میری
مفاعیلن	مفاعیلن	مفاعیلن	مفاعیلن

۴۔ کلمے کے حروف تلفظ کے لحاظ سے مقررہ قاعدے کے مطابق گھٹا کر رکن کے ہم وزن کر لینا جیسے

ع وہ مخمل کا فرش اُس کا ستھرا کلس

وہ مخ مل	کَ فرشُس	کَ ستھرا	کَ لس
فعولن	فعولن	فعولن	فعل

۵۔ کلمے کے کسی ساکن حرف کو تلفظ کے اعتبار سے مقررہ قاعدے کے مطابق متحرک کر کے رکنِ عروض کے ہم وزن کر لینا جیسے کہ مثال چہارم میں فرش کے شین ساکن کو متحرک کر لیا۔

متحرک اور ساکن

حرکت اور متحرک زیر، زبر اور پیش حرکات یا اعراب کہلاتے ہیں جس حرف پر حرکت ہوتی ہے اُسے متحرک کہتے ہیں۔

جیسے اَدَب میں الف اور دال متحرک ہیں۔ زبر کی علامت (َ) ہے جو

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حرف کے اوپر لگائی جاتی ہے۔ زیر کی علامت (ِ) حرف کے نیچے لگاتے ہیں اور پیش کی علامت (ُ) حرف کے اوپر لگائی جاتی ہے۔ زبر کو فتح یا فتحہ کہتے ہیں اور جس حرف پر یہ حرکت ہوتی ہے وہ مفتوح کہلاتا ہے۔

زیر کو جر یا کسرہ کہتے ہیں اور جس حرف کے نیچے زیر ہوتا ہے اُسے مجرور یا مکسور کہتے ہیں۔

پیش کو ضمہ یا رفع کہتے ہیں اور جس حرف کے اوپر پیش ہوتا ہے وہ مضموم یا مرفوع کہلاتا ہے۔

سکون یا جزم

حرف پر کوئی حرکت نہ ہونا سکون یا جزم کہلاتا ہے۔ حرف غیر متحرک کو ساکن یا مجزوم کہتے ہیں۔ جزم کی علامت (ْ یا ۨ) حرف کے اوپر لگاتے ہیں۔ جیسے عِلْمْ میں ل اور م ساکن ہیں۔

اگر ساکن حرف کسی ساکن حرف سے قبل آتا ہے تو اسے 'موقوف' کہتے ہیں۔ اور اس کی علامت " وقف " کہلاتی ہے۔

تقطیع میں یہ ضروری نہیں ہے کہ مفتوح کے مقابل مفتوح، مکسور کے مقابل مکسور اور مضموم کے مقابل مضموم ہی آئے بلکہ مقصد یہ ہے کہ متحرک حرف کے مقابل متحرک حرف ہی آئے خواہ مضموم کے مقابل مکسور ہو یا مفتوح کے مقابل مضموم۔ جیسے "ہمارے" کے مقابل "فعولن" یا فعولن کے مقابلے میں "ہمارے"۔ اور تقطیع میں یہ بھی ضروری نہیں کہ واحد اور مکمل رکن کے مقابل لفظ بھی واحد اور مکمل ہی آئے بلکہ جیسے فعولن کے مقابلے میں "کہو تم" بھی آسکتا ہے۔

حروف مکتوبہ و ملفوظہ

عروض میں حروف شماری کے لحاظ سے حروف کی مندرجہ ذیل تین صورتیں ہیں۔

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۱۔ حروف مکتوبہ ملفوظہ وہ حروف جو لکھے بھی جائیں اور بولنے اور پڑھنے میں بھی آئیں۔ ایسے حروف کو تقطیع میں شمار کیا جاتا ہے۔

۲۔ حروف مکتوبہ غیر ملفوظ وہ حروف جو لکھنے میں تو آئیں لیکن بولنے اور پڑھنے میں نہ آئیں ایسے حروف تقطیع میں شمار نہیں ہوتے ہیں۔

۳۔ حروف ملفوظ غیر مکتوبہ وہ حروف جو بولنے اور پڑھنے میں تو آئیں لیکن لکھنے میں نہ آئیں ایسے حروف تقطیع میں شمار ہوتے ہیں۔

حروف مکتوبہ غیر ملفوظ

الف وصل وہ الف متحرک جو کسی لفظ کے شروع میں ہو اور اس سے پہلے کوئی ساکن حرف ہو تو اس الف کو گرایا جا سکتا ہے اور اس کی حرکت اس سے پہلے آنے والے ساکن حرف پر لگائی جا سکتی ہے اس طرح الف سے پہلے آنے والا ساکن حرف متحرک ہو جاتا ہے جیسے۔

حروف مکتوبی	حروف ملفوظی		
بار بار اُس کے دَر پہ جاتا ہوں	بَا رَ بَا رُس	کِ دَرْ پِ جَا	تَا ہُوْ
حالت اَب اِضطراب کی سی ہے	حَا لَ تَبْ اِضْ	طِ رَا بِ کِی	سِی ہے
تقطیع	فَاعِلَاتُن	مَفَاعِلُن	فَعْلُن

یہاں پر اُس اور اَب کا الف وصل گرا کر رُ ساکن کو رُ اور تِ ساکن کو تَ کر کے متحرک بنا دیا اور الف کے بعد آنے والے حروف سْ اور بْ سے ملا دیا لیکن اضطراب کے الف کو بحال رکھا اگرچہ اس سے

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

پہلے کا حرف ب ساکن ہے کیونکہ اضطراب کا الف ملفوظ کے اعتبار سے صاف طور پہ بولنے میں آرہا ہے۔ چند مثالیں اور ملاحظہ کیجئے۔

حروف مکتوبہ	حروف ملفوظ	الف وصل غیر ملفوظ
کہ خوشی سے مر نہ جاتے اگر اعتبار ہوتا	کِ خُشی سِ مَرَن جاتِ اَگَ رِعْتبار ہوتا	اعتبار کا ا
سُن اے غارت گرِ جنسِ وفا سُن	سُنے غارَت گَرے جِنسے وَفا سُن	اے کا ا
اپنے پہ کر رہا ہوں قیاس اہلِ دہر کا	اپنے پہ کر رہا ہُ قیا سہلِ دہر کا	اہل کا ا
لطمۂ موج کم از سیلیِ استاد نہیں	لطمَ اِ موج کَ مَزْ سیلیِ اُستاد نَہی	از کا ا
آنکھ میں اب کہ لذتِ خواب سحر گئی	آنکھ مِ یَ بَبْ کِ لَذْذَتِ خابے سَحَر گئی	اب کا ا
دیکھنا قسمت کہ آپ اپنے پہ رشک آجائے ہے	دیکھنا قِسمَت کِ آپَپْ نے پَ رِشکا جائے ہے	اپنے کا ا اور آ کا ا
یاد اُس کی اتنی خوب نہیں میر باز آ	یادُس کِ اِتنِ خوب نَہی میر باز آ	اس کا ا
بعد از نماز تھے کل مے خانے کے در او پہ	بَعدَ زْ نَمازْ تھے کَل مِ خانے کے دَرُو پہ	از کا ا اور او پہ کا ا
پھر دیکھیے انداز گل افشانی گفتار	پھر دیکھیے اَنْ دازِ گُلَفْ شانی یِ گُفْ تار	افشانی کا ا

۲- الفِ ہندی آخرِ اسمِ ہندی

وہ الف جو ایسے ہندی اسماء کے آخر میں آئے جو مصرعے کے درمیان واقع ہوں ضرورت کے مطابق اس کو گرایا جا سکتا ہے اور اس کو تقطیع میں شمار نہیں کیا جائے گا۔ اس الف سے پہلے زبر ہوتا ہے اور جب الف گرتا ہے تو فتحہ یا زبر بحال رہتا ہے جیسے۔

یک بار جگر پھٹ گیا اور آنتا بل گئی (مسکین)

یک بار / جگر پھٹ گَ / یَ اَوْرَاْنْ / تَ بَلْ گَیْ

مفعول / مفاعیلُ / مفاعیلُ / مفاعیل

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

یہاں آتا کا الف ساقط ہو گیا اس الف سے پہلے م پر زبر کی حرکت بحال رہی۔ اسی طرح اُجالا ، اندھیرا ، دوسرا ، اکیلا ، اتنا ، کتنا وغیرہ الفاظ میں الف کو گرایا جا سکتا ہے۔

جیع ہے انصاف دوستاں سے کہ اتنا فرمائیں سب زباں سے

جیع ہِ / انصا ف دو / ستاں سے / کہ اِت نَ / فرما / ئیں سب زباں سے

فعولُن فعلن / فعولُن فعلن / فعولُن فعلن / فعول فعلن

یہاں ’اتنا‘ کا آخر کا الف ساقط ہو گیا اور اس سے قبل حرف ن پر زبر کی حرکت بحال رہی۔

۳۔ الف آخر ہندی فعل

وہ ہندی افعال جو مصرعے کے درمیان واقع ہوں ان کے آخر کا الف گرایا جا سکتا ہے اور اس سے پہلے آنے والے حرف پر زبر کی حرکت بحال رکھی جاتی ہے۔ آیا ، آتا ، جاتا ، گرا ، ملا ، چلا ، تھا وغیرہ کا الف آخر گر سکتا ہے اور الف گرنے کی صورت میں وہ آیَ ، آتَ ، جاتَ ، گرَ ، ملَ ، چلَ اور تھَ پڑھے جائیں گے جیسے۔

نہاں تو داس کا تھا گلبن مثال

نہاں تُو / قدُس کا / تھَ گلبن / مثال (تھا = تھَ)

فعولن / فعولن / فعولن / فعول

یا

تم بن رہے گا ہائے یہ سونا بھون مرا

تم بن رَ / ہے گَ ہا / ء یہ سونا بھَ / وَن مرا (رہے گا = رہے گَ)

مفعول / فاعلات / مفاعیل / فاعلن

یا

سب میں رُسوا نہ کیجئے گا مجھے

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سب ہم رُسوا / ئن کی چپے / گ مجھے (کیجیے گا = کیجیے گ)
فاعلاتن / مفاعلن / فَعِلُن

۴- الف آخر مصدر ہندی

مصرعے کے درمیان آنے والے ہندی مصدروں کے آخر میں آنے والے الف کو گرایا جا سکتا ہے جیسے آنا، جانا، کھانا، پینا، ہنسنا وغیرہ کے آخر کا الف گرا کر ن پر زبر کی حرکت کو بحال رکھا جاتا ہے۔ جیسے

نہیں ہنسنا اور بولنا کچھ آسے
نہی ہس / ن اَر بو / لنا کچھ / اُسے (ہنسنا = ہنس ن)
فعولن / فعولن / فعولن / فَعَل

نہیں پینا ہے گر تجھے رہنا ہے یاں
نہی پی / ن ہے گر / تجھے رہ / ن ہے یا (پینا = پی ن ، رہنا = رہ ن)
فعولن / فعولن / فعولن / فعولن

۵- الف آخر ہندی اضافت اور حروفِ تشبیہ

مصرعے کے درمیان واقع ہونے والے ہندی حروف تشبیہ اور اضافت کے آخر میں آنے والے الف کو گرا کر اس سے پہلے حرف پر زبر کی حرکت کو بحال رکھا جا سکتا ہے۔ ایسی صورت میں سا = سَ ، کا سا = کا سَ ، جیسا = جیسَ ، ایسا = ایسَ ، کا = کَ ، میرا = میرَ ، تیرا = تیرَ ، تمھارا = تمھارَ ، ہمارا = ہمارَ ، ان کا = اُن کَ ہوں گے۔ جیسے

گم ہوا واں ایسا جیسے مر گیا
گم ہُ آ وا / ا ے سَ جیسے / مر گیا (ایسا = اے سَ)
فاعلاتن / فاعلاتن / فاعلن

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

یا

قیس کی آبرو کا پاس کیا

قیس کی آ / برو کَ پا / س کیا (کا = کَ)

فاعلاتن / مفاعلن / فعِلن

یا

نکلا ہی نہ جی ورنہ کا نٹا سا نکل جاتا

نکلا ہِ / نَ جی ورنا / کا نٹا سَ / نکل جاتا (سا = سَ)

مفعول / مفاعیلن / مفعول / مفاعیلن

الف وصل اور الف ہندی کا گرانا واجب نہیں بلکہ جائز ہے۔ اگر تقطیع میں بحال رہتے ہوں تو ان کو بحال رکھنا چاہئے۔

کہا میں نے کتنا ہے گل کا ثبات (یہاں کتنا اور کا کے الف بحال رہیں گے۔)

نازکی اس کے لب کی کیا کہئے (اُس کا الف وصل بحال رہے گا)

نازکی اس / کے لب کی کا / کہیے

فاعلاتن / مفاعلن / فعلان

۸۔ عربی کے افعال جمع کے آخر کا الف

یہ الف صرف عربی زبان میں صیغۂ جمع کے ان افعال کے آخر میں ہوتا ہے جن کے آخر میں واوٌ آتا ہے جیسے تقنطوا، لاتقنطوا، فَاصْبِرُوا وغیرہ۔ ؎

جس کی نومیدی سے ہو سوزِ درونِ کائنات

اس کے حق میں تقنطوا اچھا ہے یا لاتقنطوا (اقبالؔ)

اُس کِ حق مے / تقنطو اچھ / چھا ہِ یا لا / تقنطو

فاعلاتن / فاعلاتن / فاعلاتن / فاعلن

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۷۔ حروفِ قمری سے پہلے کا الف اور لام | حروف قمری (ا ب ج ح خ ع غ ف ق ک م و ہ ی) کے ساتھ لام سے پہلے جو الف ہوتا ہے وہ تلفظ میں نہیں آتا بلکہ الف سے پہلے کا حرف اپنی حرکت سمیت الف کے بعد آنے والے لام سے جا ملتا ہے۔ اور تقطیع میں یہ الف شمار نہیں ہوتا جیسے بالاتفاق = بِل اتفاق ؛ بالاجمال = بِل اجمال ؛ بالانفراد = بِل اِن فراد ؛ بالجبر = بِل جبر ؛ بالعکس = بِل عکس ؛ بالعموم = بِل عموم ؛ بالفعل = بِل فعل ؛ بالقوہ = بِل قوّوہ ؛ بالکل = بِل کل ؛ بالمشافہہ = بِل مشافہہ / بالمقطع = بِل مقطع ؛ بالمواجہہ = بِل مواجہہ ؛ واللہ باللہ = وَل لاہ بِل لاہ ؛ بوالہوس = بُل ہوس ؛ نورالعین = نُورُل عین ؛ بیت الحزن = بیتُل حزن ؛ یوم الحساب = یومُل حساب ؛ دارالعلوم = دارُل علوم ؛ دارالعمل = دارُل عمل ؛ دارالبقا = دارُل بقا ؛ عبدالجبار = عبدُل جبار ؛ عروس الخطوط = عروسُل خطوط ؛ روح القدس = روحُل قدس ؛ دائم الحبس = دائمُل حبس ؛

عروس الخطوط اور ثلث و رقاع
عروسُل / خطوطو / ثلث و / رقاع
فعولن / فعولن / فعولن / فعول

خفی اور جلی مشقِ خط شجاع (امیر حسن)
خفی او / ر جلی مش / قِ خط ط / شجاع
فعولن / فعولن / فعولن / فعول

پاتا ہوں اس سے داد کچھ اپنے کلام کی
پاتا ہُ / اس سے داد / کچھ اپنے ک / لام کی
مفعول / فاعلات / مفاعیل / فاعلن

روح القدس اگرچہ مرا ہمزباں نہیں (غالب)
روحُل ق / دس اگرچ / مرا ہم ز / باں نہی
مفعول / فاعلات / مفاعیل / فاعلن

۸۔ حروفِ شمسی سے پہلے کا الف لام | حروف شمسی (ت ث د ذ ر ز س ش ص ض ط ظ ل ن) سے پہلے آنے والے الف اور لام جو لکھنے میں آتے ہیں لیکن بولے اور پڑھے نہیں جاتے وہ تقطیع میں گر جاتے ہیں اور الف سے پہلے کا حرف اپنی حرکت

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

حیت لام کے بعد آنے والے حرف سے جا ملتا ہے۔ اس طرح الف اور لام ساقط ہو جاتے ہیں جیسے
بالتخصیص = بِت تخصیص ، بالتصریح = بِت تصریح ، بالضرورت = بِض ضرورت ،
بالضرور = بِض ضرور ، تحت الثریٰ = تح تَث ثرا ، تحت الشعور = تح تُش شعور ،
بدر النسا = بدرُن نسا ، شریف النفس = شری فُن نفس ، علم النفس = عل مُن نفس ،
عذاب النار = عذا بُن نار ، بدیع الزماں = بدی عُز زماں ، خلیق الزماں = خلی قُز زماں ،
عبدالرحمٰن = عب دُر رحمان ، عبدالرحیم = عب دُر رحیم ، معین الدین = معی نُد دین ،
شمس الدین = شم سُد دین ، رفیع اللہ = رفی عُل لاہ ، والشمس = وش شمس ،
واللیل = ول لیل ، سریع التاثیر = سری عُت تاثیر ، سریع الزوال = سری عُز زوال ،
والسلام = وس سلام۔

دھوپ کی تابش ، آگ کی گرمی وقنا ربنا عذاب النار (غالب)
دھوپ کی تا / بش آگ کی / گرمی وقِنا ربْ / بنا عذا / بن نار
فاعلاتن / مفاعلن / فعلن فعلاتن / مفاعلن / فعلان

پس اس طرح کے بشر کی ثنا ، کوئی محمد سا اگر کرے تو ہوتا ہے واجب التعزیر (سودا)
پس اس طرح / کے بشر کی / ثنا کُ کوئی / محمد سا اگر کرے / ت ہ تا / ہ واجِ / بت تعزیر
مفاعلن / فعلاتن / مفاعلن / فعلن ، مفاعلن / فعلاتن / مفاعلن / فعلان

۹ - الف لام سے پہلے کا الف عربی

یہ الف عربی لفظ کے آخر میں ہوتا ہے اور اس کے بعد الف لام اور پھر حرف قمری یا شمسی آتا ہے یہ الف ملفوظ نہیں ہوتا اور تقطیع میں گر جاتا ہے جیسے انا البحر = انل بحر ، انا الحق = انل حق ، ولا الضالین = ولض ضالین

دل ہر قطرہ ہے سازِ انا البحر ہم اس کے ہیں ہمارا پوچھنا کیا (غالب)
دلے ہر قط / رہ ہے ساز / انل بحر ہمس کے ہے / ہمارا پو / چھنا کا
مفاعیلن / مفاعیلن / مفاعیل مفاعیلن / مفاعیلن / فعولن

www.KitaboSunnat.com

۱۰۔ عربی الفاظ کی ی اور الف عربی الفاظ کے وہ ی اور الف جو لکھنے میں تو آئیں لیکن پڑھنے اور بولنے میں نہ آئیں ان کو گرا دیا جاتا ہے اور تقطیع میں شمار نہیں ہوتے جیسے فی الواقعہ = فِل واقعہ، فی الحقیقت = فِل حقیقت، فی الحال = فِل حال۔

۱۱۔ الف تنوین یہ الف حروف منوّن کے بعد عربی زبان میں آتا ہے۔ اس الف سے پہلے جس حرف پر دو زبر دو زیر یا دو پیش ہوتے ہیں اس حرف کو دو حرفی شمار کیا جاتا ہے۔ اور اس کے آخر کا دوسرا حرف ن ساکن ہوتا ہے اور الف ملفوظ نہیں ہوتا۔ جیسے غالباً = غالبَن، فوراً = فورَن، مثلاً = مثلَن۔

۱۲۔ نون غنہ ہندی سے پہلے کا الف یہ ہندی الفاظ میں نون غنہ سے پہلے آتا ہے۔ اس کو اردو میں بعض لوگوں نے گرا دیا ہے۔ لیکن قدر بلگرامی کے نزدیک اس کا سقوط مکروہ طبع سلیم ہے۔[۱] جب یہ الف گرتا ہے تو اس سے پہلے کا حرف مفتوح بحال رہ جاتا ہے اور الف اور نون غنہ تقطیع میں شمار نہیں ہوتے جیسے ؎

بے بہا جنس ہے تو اہلِ جہاں بے مقدور
میرے یوسف نہ بِکے گا یہاں سودا تیرا (رِند)

اس شعر میں یہاں سودا = یَ ہَ سودا = فِعلاتن ہے

یہاں کا الف اور نون غنہ دونوں ساقط ہو گئے صرف یَ اور ہَ باقی رہے یا دوسری مثال دیکھیے ؎

بھاں گرہ کھل گئی دل کی وہاں انگیا مسکی (بھاں = یاں)
لبِ نازک سے صدا آنے لگی بس بس کی (امانت)

---

[۱] سید غلام حسنین قدر بلگرامی: قواعد العروض۔ ص ۴۶

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فعلاتن	فعلاتن	فعلاتن	فعلن
یاں کے نہ کھن	کہ ا دل کی	وہ آ گئے یا	عشن کی
تم نازک	ہر صنم آ	ہن ان کی بخش	بخش کی

یا اور وہاں دونوں لفظوں میں الف اور نون غنہ گر گئے۔

واؤ

۱- واؤ عاطفہ یا معطوفہ وہ واؤ جو دو کلموں یا جملوں کو ملاتا ہے اُسے واؤ عاطفہ کہتے ہیں۔ اس واؤ کے معنی ہوتے "اور"۔ واؤ عاطفہ کی دو صورتیں ہوتی ہیں۔

(۱) جب واؤ عاطفہ سے پہلے حرف پر پیش (ضمہ) کو کھینچ کر نہ پڑھا جائے تو وہ واؤ عاطفہ گرتا ہے اور ملفوظ نہیں ہونا چاہیے۔

قیس و فرہاد کا نہیں قصہ = قیس فرہا / د کا نہی / قصہ = فاعلاتن / مفاعلن / فعلن

یاں کبھو سرو و گل کے سایے تھے = یاں کبھو سر / و گل کِ سا / یے تھے = فاعلاتن / مفاعلن / فعلن

دیکھتا ہے تو فقط ساحل سے رزم خیر و شر

دیکھتا ہے / تو فقط سا / حل سِ رزمے / خیر و شر = فاعلاتن / فاعلاتن / فاعلاتن / فاعلن

ہر اک سمت عالم میں ہے شور و شر = ہرک سم / تِ عالم / مِ ہے شو / رُ شر = فعولن / فعولن / فعولن / فعل

ناز و انداز بلائے دل و جاں ہے کہ جو تھا

ناز اندا / ز بلائے / دل جا ہے / ک جو تھا = فاعلاتن / فعلاتن / فعلاتن / فعلن

(۲) جب واؤ عاطفہ سے پہلے حرف پر پیش کو کھینچ کر پڑھا جاتا ہے تو واؤ نہیں گرتا اور اس کو تقطیع میں شمار کیا جاتا ہے۔ جیسے

تماشائے دیر و حرم دیکھتے ہیں = تماشا / ءِ دیرو / حرم دے / کھتے ہے = فعولن / فعولن / فعولن / فعولن

دوزخ مجھے قبول ہے اے منکر و نکیر

دوزخ م / جھے قبول / ہ وے منک / رُ و نکیر = مفعول / فاعلات / مفاعیل / فاع لات

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لیکن نہیں دماغ سوال و جواب کا
لیکن ن / ہی دماغ / سوالوجَ / وَاب کا = مفعول / فاع لاتُ / مفاعیلُ / فاعِ لُن

جو مے و نغمہ کو اندوہ رُبا کہتے ہیں
جو مَ یو نغْ / مَ کُ آن دو / ہ رُبا کہ / تے ہیں = فَاعِلَاتُن / فَعِلَاتُن / فَعِلَاتُن / فَعْلُن

دل اُس کو پہلے ہی ناز و ادا سے دے بیٹھے
دِلُس کُ پہْ / لِ ہِ نَازُ وْ / اَدَا سِ دِ / ے بیٹھے
مفاعلن / فَعِلاتن / مفاعلن / فعلن

۲- واو مجہول ہندی

وہ واوٗ جس سے پہلے حرف پر پیش یا زبر ہلکا سا ہو اور کھینچ کر نہ پڑھا جائے اس واو کو گرایا جا سکتا ہے۔ ایسا واو مجہول کہلاتا ہے۔ جیسے تو، رو، جو، کھو، سو، کہو، رہو، سنو، گنو وغیرہ۔

نہ ہو مرنا، تو جینے کا مزا کیا
نَ ہو مرنا / تُ جینے کا / مزا کا = مفاعیلن / مفاعیلن / فعولن

کیا مجھ کو داغوں نے سروِ چراغاں
کیا مجھ / کُ داغوں / نِ سروے / چراغاں = فعولن / فعولن / فعولن / فعولان

دیکھ مجھ کو جو بزم سے تو اٹھا
دیکھ مجھ کو / جُ بزم سے / تُ اُٹھا = فاعلاتن / مفاعلن / فَعِلن

۳- واو معروف ہندی

وہ واو جس سے پہلے حرف پر پیش ہو اور اچھی طرح پڑھنے میں آئے اس کو واوٗ معروف کہتے ہیں۔ بعض اوقات واوٗ معروف بھی تقطیع میں گرایا جا سکتا ہے۔ جیسے۔

تم کو ہم سے ہے محبت تو وہاں یار و چلو

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تم کُ ہم سے / رہ مُحَب بَت / رت دَ کھایا / اُن جیلو = فاعلاتن / فعلاتن / فعلاتن / فعلن

یہاں پر کو، ہو، تو، یا رو کے چاروں واؤ گر گئے۔

اسی طرح ہندی الفاظ گھر بلو، جگنو، ٹھکو، گھرو، ٹھٹو، ستیوں وغیرہ کے واؤ تقطیع میں گرائے جا سکتے ہیں لیکن فارسی عربی الفاظ مثلاً گیسو، گفتگو، عدو، بگو، بیو، جادو، وغیرہ الفاظ کے واؤ کا سقوط اگرچہ جائز نہیں سمجھا جاتا مگر پھر بھی بعض اوقات ضرورتِ شعری کی وجہ سے واؤ معروف گر جاتا ہے جس کو کچھ عروض داں مکروہ سمجھتے ہیں۔

۴- واو معدولہ یا واو اشمامِ ضمہ

یہ واؤ صرف زبان فارسی میں آتی ہے اور اس سے پہلا حرف خ (خاء) ہوتا جس پر زیر، زبر یا پیش کی حرکت ہوتی ہے لیکن اس میں بہر حال ضمے یعنی پیش کی بو آتی ہے اس لئے اس کو اشمام ضمہ کہتے ہیں۔ واو معدولہ تقطیع میں شمار نہیں ہوتا۔ جیسے خود = خُد ؛ خودی = خُدی ؛ خواجہ = خاجہ ؛ خواب = خاب ؛ خواہش = خاہش ؛ خواری = خاری ؛ خورشید = خرشید ؛ خوش = خُش ؛ خواہاں = خاہاں ؛ خورش = خرش ؛ خورد = خُرد وغیرہ۔

۵- واو مخلوطی

یہ واو ہندی الفاظ کے لئے مخصوص ہے۔ اس واو سے پہلا حرف مضموم ہوتا ہے اور واؤ کے بعد ہمیشہ الف آتا ہے۔ جیسے سُوانگ ؛ سُواد ؛ سوار وغیرہ الفاظ کا واؤ مخلوطی تقطیع میں شمار نہیں ہوتا۔ جیسے۔

اک سوانگ ہے جو کاٹھ کی پتلی سنور گئی (ظفر)

اِک سانگ / ہے جُ کاٹ / کِ پُت لی / سنور گئی

مفعول / فاعلات / مفاعیل / فاعلن

مردمی یاں کی ہے عجائب سوانگ (میر تقی میر)۔ سوانگ = سانگ۔

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۶- واوِ لین اس واو سے پہلے حرف پر ہمیشہ زبر ہوتا ہے۔ اور یہ واؤ درمیان لفظ یا لفظ کے آخر میں آتا ہے۔ عربی فارسی میں واوِ لین ساقط نہیں ہوتا لیکن ہندی الفاظ میں اس کو گرایا جا سکتا ہے جیسے ماحول، لاحول، قول، ہول وغیرہ عربی فارسی الفاظ میں واوِ لین بحال رہے گا لیکن ہولا، ہولنا، ہوس، ہوکا، ہولے، ڈول، سو، دوڑ، اور، چوڑائی وغیرہ ہندی الفاظ میں واوِ لین گرایا جا سکتا ہے۔

جیسے ؎

چنبیلی کہیں اور کہیں موتیا — کہیں رائے بیل اور کہیں موگرا

چنبے لی / کہی اَر / کہی مو / تیا — کہی را / ءِ بیلے اَر / کہی مو / گرا

فعولن / فعولن / فعولن / فعَل — فعولن / فعولن / فعولن / فعَل

یہاں دونوں مصرعوں میں اور کا واو ساقط ہو گیا۔ لیکن یہ ضروری نہیں ہے کہ ہر جگہ واوِ لین ہندی کو ساقط ہی کیا جائے۔ جیسے۔

کوئی دن گر زندگانی اور ہے = فاعلاتن / فاعلاتن / فاعلن

یہاں پہ اَور کا واو بحال رہا کیونکہ یہاں واؤ ملفوظی ہے۔

۷- نون غنہ سے پہلے کا واوِ لین اس واو سے پہلے حرف پر زبر ہوتا ہے اور واو کے بعد نون غنہ۔ یہ اکثر ہندی الفاظ میں واقع ہوتا ہے۔ یہ واو اور اس کے بعد کا نون غنہ دونوں غیر ملفوظ ہو کر گر سکتے ہیں۔ اور اس واو سے پہلے حرف پہ زبر بحال رہ جاتا ہے۔ جیسے پونہچا = پہنچا، لونہچا = لِنچا، سَوں = سَں !

(سَوں بمعنی سے اور بمعنی سوگند یا قسم)، کَوں = کَ (بمعنی کو، کا) مثلاً۔

تجھ لب کی صفت لعلِ بدخشاں سوں کہوں گا (ولی)

تج لب کِ / صفت لعل / بدخشا سَ / کہوں گا = مفعول / مفاعیل / مفاعیل / فعولن

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور

کرا آتش گل کوں کرتی ہے گلاب آہستہ آہستہ (ولی)

ک آتش گل / رک کرتی ہے / گلا با ہس / تہ آہس تا

مفاعیلن / مفاعیلن / مفاعیلن / مفاعیلن

لیکن یہ ضروری نہیں ہے کہ ہر جگہ واو لین ماقبل نون غنہ گرا یا ہی جائے جیسے

عجب کچھ لطف رکھتا ہے شب خلوت میں گل رو سوں

عجب کچھ لط / ف رکھتا ہے / شبے خلوت / م گل رو سو

مفاعیلن / مفاعیلن / مفاعیلن / مفاعیلن

۸- نون غنہ سے پہلے واو معروف (ہندی)

یہ واو نون غنہ سے پہلے آتا ہے اور اس واو سے پہلے حرف پر پیش کی حرکت ہوتی ہے جس کو بخوبی پڑھا جاتا ہے۔ جب یہ واو ساقط ہوتا ہے تو اس سے پہلے کا حرف مضموم بحال رہتا ہے۔ یہ حرف ہندی الفاظ میں جاتا ہے۔ جیسے۔

پہچانتا نہیں ہوں ابھی راہبر کو میں (غالب)

پہچان / تا نہی ہ / ابھی راہ / بر ک مے

مفعول / فاع لات / مفاعیل / فاع لن

میں سن رہا ہوں دل سنگ وحشت کی دھڑکن (جگر مرادآبادی)

م سن رہا / ہ دلے سن / گ وحش ت کی / دھڑکن

مفاعلن / فعلاتن / مفاعلن / فعلن

دونوں مصرعوں میں ہوں کے واو اور نون غنہ دونوں ساقط ہو گئے لیکن ہر جگہ ایسا نہیں ہوتا۔ جیسے

جو گل ہوں تو ہوں گلخن میں، جو خس ہوں تو ہوں گلشن میں (غالب)

جُ گل ہوں تو / ہُ گل خن مے / ج خس ہوں تو / ہُ گل شن مے

مفاعیلن / مفاعیلن / مفاعیلن / مفاعیلن

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ایک ہی مصرعے میں چار جگہ لفظ "ہوں" واقع ہوا۔ دو جگہ پر اس کے واؤ اور نون غنہ ساقط ہو گئے اور اس کا پہلا حرف ہ متحرک بحال رہا۔ دو جگہ پر صرف نون غنہ گرا اور ہو بحال رہا یعنی واؤ کو نہیں گرایا گیا۔

۹۔ نون غنہ سے پہلے واؤ مجہول ہندی یہ واؤ مجہول صرف ہندی الفاظ میں نون غنہ سے پہلے آتا ہے۔ کبھی یہ واؤ اور نون جمع اسم کی علامت ہوتے ہیں۔ جب یہ ملفوظ نہیں ہوتے تو تقطیع میں گر جاتے ہیں اور لکھے نہیں جاتے جب ملفوظ ہوتے ہیں تو وہ بحال رہتے ہیں جیسے

بھر بھر دیا ہے موتیوں سے منہ دوات کا (آزاد)

بھر بھر دِ / یا ہِ مُوتِ / ی سِ مُنہ دَ / وَاتْ کا

مفعولُ / فاعلاتُ / مفاعیلُ / فاعلن

یہاں موتیوں کے واؤ اور نون غنہ ملفوظ نہیں ہیں اس لئے وہ ساقط ہو گئے۔

تھا موتیوں سے دامنِ صحرا بھرا ہوا (انیس)

تھا مُوتِ / یوں سِ دامَ / نِ صَحرَا بَھ / رَا ہُوا

مفعولُ / فاعلاتُ / مفاعیلُ / فاعلن

یہاں پر موتیوں کا واؤ ملفوظ ہے لہٰذا وہ بحال رہا اور نون غنہ ساقط ہو گیا۔

آنکھوں آنکھوں میں نہ جانے کیا اشارا کر دیا (خود ساختہ)

آ کھُ آ کھو / مے نَ جانے / کا اشارا / کر دیا

فاعلاتن / فاعلاتن / فاعلاتن / فاعلن

یہاں پر پہلے لفظ آنکھوں میں واؤ اور نون غنہ ملفوظ نہیں لہٰذا ان کو گرا دیا دوسرے لفظ آنکھوں کا واؤ ملفوظ ہے اس لئے وہ بحال رہا اور نون غنہ ساقط ہو گیا۔

ہاتھ تو مل لوں، ذرا ہوش میں آلوں تو چلوں (جذبی)

ہاتْ تو مَل / لُو ذرا ہو / ش مِ آ لو / تُ چلو = فاعلاتن / فعلاتن / فعلاتن / فعلن

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تن ہوں میں تُوں کا واؤ مجہول ہے اس لئے واؤ اور نون غنہ تقطیع میں گر گئے لیکن ہوش میں آ؎ؤں یہاں پر نون کا واؤ معروف ہے اس لئے وہ بحال رہا اور نون غنہ ساقط ہو گیا۔

۱۰۔ واؤ مصرّح ضمہ

یہ واؤ یہ تصریح کرتا ہے کہ اس سے پہلے حرف پر پیش ہے اس لئے اس کو واؤ مصرح کہا جاتا ہے۔ واؤ مصرح تقطیع میں شمار نہیں ہوتا۔ جیسے ابوالبشر = اَبُل بشر ؛ ابوالحسن = اَبُل حسن ؛ ابوالکلام = اَبُل کلام ؛ اولوالابصار = اُلُل ابصار ؛ اولوالالباب = اُلُل الباب ؛ اولوالامر = اُلُل امر ؛ اولوالعزم = اُلُل عزم ؛ اولوالعزمی = اُلُل عزمی وغیرہ۔

۱۱۔ الف لام عربی سے پہلے واؤ

اس واؤ کے بعد الف اور لام ہوتا ہے اور اس کے بعد حرف قمری یا شمسی ہوتا ہے اور واؤ سے پہلے حرف پر پیش کی حرکت ہوتی ہے۔ اگر واؤ کے بعد آنے والے الف اور لام کے بعد کوئی حرف قمری ہوتا ہے تو واؤ اور الف دونوں گر جاتے ہیں اور تقطیع میں نہیں لکھے جاتے جیسے ذوالجلال = ذُل جلال ؛ ذوالفقار = ذُل فقار ؛ ذوالجناح = ذُل جناح ؛ ذوالقعدہ = ذُل قعدہ ؛ ذوالقرنین = ذُل قرنین ؛ یہاں حرف مضموم یعنی ذُ واؤ اور الف کو چھوڑ کر لام سے جا ملتا ہے۔ مثلاً ۔

قبلۂ چشم و دل بہادر شاہ
مظہرِ ذوالجلال والاکرام (غالبؔ)
مَظْ ہَ رے ذُل / جَلَا لَ ذَل / اِکْ رام
فاعلاتن / مفاعلن / فعلان

یا

بس ذوالجناح صاف دھوئیں سے نکل گیا
بَس ذُل جَ / نَاح صاف / دُھ ئے سے / نِکْل گیا = مفعول / فاعلات / مفاعیل / فاعلن۔

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اگر الف اور لام کے بعد حرف شمسی ہوتا ہے تو واؤ سے پہلے کا حرف مضموم واؤ الف اور لام تینوں کو چھوڑ کر حرف شمسی سے جا ملتا ہے جیسے

ذُوالنُّون = ذُنْ نُوْن ۔ ذُنْ نُوْن یعنی حرف شمسی اس صورت میں مشدد ہو جاتا ہے۔

یائے

۱- الف لام سے پہلے یائے عربی یہ 'ی' عربی لفظ کے آخر میں آتی ہے اور اس کے بعد الف لام اور الف لام کے بعد حرف قمری یا شمسی ہوتا ہے یہ 'ی' مکتوب ہوتی ہے ملفوظ نہیں ہوتی اس لئے وہ ساقط ہو جاتی ہے اور تقطیع میں شمار نہیں ہوتی۔ اس 'ی' سے پہلا وہ حرف جو ہمیشہ زیر ہوتا ہے وہ اگر الف لام کے بعد حرف قمری ہے تو لام سے اور اگر حرف شمسی ہے لام کے بعد والے حرف سے مل جاتا ہے۔ جیسے الف لام کے بعد قمری حرف ہونے کی صورت میں الف کو چھوڑ کر لام سے ملنا۔

فی الحقیقت = فِل حقیقت	؛	فی البدیہہ = فِل بدیہہ	
فی الجملہ = فِل جُملہ	؛	فی الحال = فِل حال	
فی الفور = فِل فور	؛	فی المثل = فِل مَثَل	
فی اللہ = فِل لا	؛	فی الواقع = فِل واقع	

اس قدر کیوں بگڑتے ہو صاحب
فی الحقیقت تو بات کچھ بھی نہیں (خود ساختہ)
فِل حَقیقَت / تُ بات کچھ / بِ نہیں
فاعلاتن / مفاعلن / فَعِلُن

الف لام کے بعد حرف شمسی ہونے کی صورت میں الف لام کو چھوڑ کر حرف شمسی سے ملنا۔
فی النار = فِن نار ہو جاتا ہے۔ نون حرف شمسی ہے۔ یہاں پہ 'ی'، الف اور لام تقطیع

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہیں شمار نہیں ہوں گے۔

اب غالب کا ایک شعر ملاحظہ فرمایئے ؂

نہ کہوں آپ سے تو کس سے کہوں

مدعائے ضروری الاظہار (غالب)

مُدْدُعایے / ضروریل / اظہار

فاعلاتن / مفاعلن / فعلان

دراصل ضروری الاظہار کی ترکیب نہ تو عربی ہے اور نہ فارسی بلکہ خالص اردو ترکیب ہے۔ ضروری الاظہار کو دو طرح سے لکھا جا سکتا ہے ضروریل اظہار یا ضروریُل اظہار۔ پہلی صورت میں الف ساقط ہوگا اور دوسری صورت میں ی گر جائے گی۔

الف لام سے پہلے الیٰ کی یائے عربی الیٰ کی یائے عربی مکتوبہ ہے ملفوظ نہیں جب الف اور لام سے پہلے الیٰ آتا ہے تو اس کی ی ساقط ہو جاتی ہے اور الیٰ کا لام الف کے بعد آنے والے لام سے اپنی حرکت سمیت مل جاتا ہے جیسے الی الآن = اِلَل آن

الف لام سے پہلے اولی کی یائے عربی اولی کی یائے عربی بھی غیر ملفوظ ہے۔ جب الف لام سے پہلے اولی آتا ہے تو تقطیع میں ی گر جاتی ہے۔ اس سے پہلے آنے والا لام زیر کے ساتھ الف کے بعد آنے والے لام سے مل جاتا ہے جیسے۔

اولی الالباب = اولِل اَلباب ، اولی الاجنحہ = اولِل اجنحہ ، اولی العلم = اولِل علم

الف لام سے پہلے علیٰ کی یائے عربی علیٰ کی یائے عربی غیر ملفوظ ہے جب حرف قمری سے شروع ہونے والے لفظ سے پہلے الف اور لام ہوں اور اس سے پہلے علیٰ آئے تو ی ساقط ہو جائے گی۔ اور علیٰ کا لام زبر کی حرکت کے ساتھ الف کے بعد آنے والے لام سے جا کر

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مل جائے گا اور الف بھی ساقط۔

علی الحساب = عَلَل حساب ؛ علی الخصوص = عَلَل خصوص ؛ علی العموم = عَلَل عموم ؛

علی الاتصال = عَلَل اتصال ؛

اور اگر حرف شمسی سے پہلے الف اور لام ہوں اور ان سے پہلے علیٰ ہو تو علیٰ کا لام تین حرف یعنی ی، الف اور لام کو چھوڑ کر زبر کی حرکت کے ساتھ حرف شمسی سے جا کر مل جائے گا۔ جیسے

علی التواتر = عَلَت تواتر ؛ علی الرغم = عَلَر رَغم ؛ علی الدوام = عَلَد دوام ؛

علی الصباح = عَلَص صَباح۔

علی الرغم دشمن شہید وفا ہوں | مبارک مبارک! سلامت سلامت! (غالبؔ)
عَلَر رَغ / م دشمن / شہیدے / وفا ہو | مُبارک / مُبارک / سَلامت / سَلامت
فعولن / فعولن / فعولن / فعولن | فعولن / فعولن / فعولن / فعولن

۲۔ ہندی الفاظ کے آخر کی یائے تحتانی

یہ یائے تحتانی معروف اور مجہول اردو زبان میں ہندی الفاظ کے آخر میں آتی ہے۔ جب یہ یائے تحتانی ملفوظ نہیں ہوتی تو تقطیع میں گر جاتی ہے اور اس سے پہلے کا زیر بحال رہتا ہے۔ جیسے

(ا) یائے معروف تحتانی کی مثال ہے

بنی سنگ مرمر کی چوپڑ کی نہر | گئی چار سو اس کے پانی کی لہر (میر حسن)
بنِ سن / گ مرمر / ک چوپڑ / ک نہر | گئی چا / ر سو اس / ک پانی / ک لہر
فعولن / فعولن / فعولن / فعول | فعولن / فعولن / فعولن / فعول

یہاں "ی" کی ہر جگہ یائے تحتانی غیر ملفوظ ساقط ہو گئی اور صرف زیر باقی رہا۔

(ب) اگر یائے معروف تحتانی ملفوظ ہو تو وہ بحال رہتی ہے۔ جیسے

ہستی اپنی حباب کی سی ہے | یہ نمائش سراب کی سی ہے (میر تقی میر)

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہستیِ / آپ نی / احباب کی / سی ہے   بے نمائش / سراب کی / سی ہے
فاعلاتن / مفاعلن / فعلن   فاعلاتن / مفاعلن / فعلن

یہاں کی اور سی کی یائے معروف ملفوظ بحال ہے لیکن ہستی کی ی غیر ملفوظ تھی وہ ساقط ہو گئی۔

(ج) یائے مجہول غیر ملفوظ کی مثال سہ

آنکھوں سے حیا ٹپکے ہے انداز تو دیکھو   ہیں بوالہوسوں پر بھی ستم ناز تو دیکھو (مومنؔ)
آنکھوں / حیا ٹپکے / رہ انداز / ت دیکھو   ہے بل ہ / وَ سُو پر بِ / ستم ناز / ت دیکھو
مفعول / مفاعیلُ / مفاعیلُ / فعولن   مفعول / مفاعیلُ / مفاعیلُ / فعولن

یہاں سے، یا، ٹپکے، بھی، کی یائے غیر ملفوظ ہے اس لئے وہ ساقط ہو گئی اور اس کی جگہ زیر باقی رہا۔ ہے کی یائے بھی غیر ملفوظ ہے اس کی جگہ زبر کی حرکت باقی رہی۔

(د) یائے مجہول ملفوظ کی مثال سہ

بے خودی لے گئی کہاں ہم کو   دیر سے انتظار ہے اپنا (میرؔ)
بے خدی لے / گئی کہا / ہم کو   دیر سے اِن / ت ظار ہے / اپنا
فاعلاتن / مفاعلن / فعلن   فاعلاتن / مفاعلن / فعلن

یہاں بے، لے، سے، ہے کی یائے مجہول ملفوظ ہے اس لئے بحال رہی۔

۳- یائے لین ھندی یہ اردو زبان میں ہندی الفاظ کے آخر میں آتی ہے اور اس سے پہلے حرف پر زبر ہوتا ہے۔ جب یہ یائے ملفوظ نہیں ہوتی تو تقطیع میں گر جاتی ہے اور اس سے پہلے حرف پر زبر بحال رہتا ہے جیسے۔

اِک کھیل ہے اورنگ سلیماں مرے نزدیک   اِک بات ہے اعجاز مسیحا مرے آگے (غالبؔ)
اِک کھیل / رہ اَورنگ / سلیما / م رِ نزدیک   اِک بات / رہ اِعجاز / مسیحا / م رَ آگے
مفعولُ / مفاعیلُ / مفاعیلُ / مفاعیلُ   مفعولُ / مفاعیلُ / مفاعیلُ / فعولن

www.urduchannel.in
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

یہاں پر دونوں مصرعوں میں "ہے" کی یائے غیر ملفوظ ہے اس لئے ساقط ہو گئی وہ پڑھی بحال رہتی

لیکن جب یائے بین ملفوظ ہوتی ہے تو بحال رہتی ہے تقطیع میں نہیں گرتی۔ جیسے

آگ ہے، اولادِ ابراہیمؑ ہے، نمرود ہے   کیا کسی کو پھر کسی کا امتحاں مقصود ہے   (اقبال)

آگ ہے اَو / لادِ ابرا / ہیم ہے نم / رود ہے   کا کسی کو / پھر کسی کا / امتحا مق / صود ہے

فاعلاتن / فاعلاتن / فاعلاتن / فاعلن   فاعلاتن / فاعلاتن / فاعلاتن / فاعلن

یہاں پر چاروں جگہ پر "ہے" کی یائے ملفوظ ہے لہٰذا یہ بحال رہے گی۔

۴- دو یائے هندی

جب اردو میں ایک یائے تحتانی کے بعد دوسری یائے تحتانی آتی ہے تو پہلے یائے تحتانی متحرک اور دوسری ساکن ہوتی ہے۔ پہلی یائے تحتانی ہمیشہ ملفوظ رہتی ہے اور کبھی اس کے بدلے میں ہمزہ لکھا یا پڑھا جاتا ہے جیسے کوئی یا گئے یا گئی اور کبھی یائے تحتانی لکھی اور پڑھی جاتی ہے جیسے چلیے، رہیے وغیرہ۔ اس صورت میں کبھی کبھی یائے دوم ساکن ملفوظ نہیں ہوتی اور تقطیع میں گر جاتی ہے۔ جیسے

کوئی اُمید بر نہیں آتی   کوئی صورت نظر نہیں آتی   (غالبؔ)

کوئی اُم می / د بر نہی / آتی   کوئی صورت / نظر نہی / آتی

فاعلاتن / مفاعلن / فعلن   فاعلاتن / مفاعلن / فعلن

یہاں پر کوئی کی یائے ساکن غیر ملفوظ ہے لہٰذا وہ تقطیع میں دونوں جگہ پر گر گئی۔

لیکن جہاں وہ ملفوظ ہوتی ہے وہاں تقطیع میں نہیں گرتی۔ جیسے

رہیے اب ایسی جگہ چل کر جہاں کوئی نہ ہو   ہم سخن کوئی نہ ہو اور ہم زباں کوئی نہ ہو   (غالبؔ)

رہ یے اب اے / سی جگہ چل / کر جہا کو / ای نہ ہو   ہم سخن کو / ای نہ ہو اُر / ہم زبا کو / ای نہ ہو

فاعلاتن / فاعلاتن / فاعلاتن / فاعلن   فاعلاتن / فاعلاتن / فاعلاتن / فاعلن

اس شعر میں تینوں جگہ پر کوئی کی دونوں یائے ملفوظ ہیں لہٰذا ان کو نہیں گرایا گیا۔

لیکن رہیے کی یائے دوم ساکن ملفوظ نہیں ہے اس لیے اس کو تقطیع سے ساقط کر دیا گیا۔

www.urduchannel.in

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

۵۔ تین یائے تحتانی ہندی

